e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14•RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW
روزنامہ
# اودھ نامہ
avadhnama

قیمت ۳/روپیہ جلدنمبر(۲۵)شمارہ نمبر(۳۰۵) لکھنؤ، بروز جمعرات ۶-اگست ۲۰۲۶ء،مطابق ۲۲-صفرالمظفر-۱۴۴۸ھ صفحات-۸

Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 305 Thursday , August 06 2026 Pages -8

## کابینہ سکریٹری کی مدتِ ملازمت میں ایک سال کی توسیع

نئی دہلی (یو این آئی) حکومت نے کابینہ سکریٹری ٹی وی سومناتھن کی مدتِ ملازمت میں ایک سال کی توسیع کردی ہے۔ کابینہ کی تقرر کمیٹی نے بدھ کے روز اس سلسلے میں حکم نامہ جاری کیا۔ اس میں کہا گیا ہے کہ کمیٹی نے تمل ناڈو کیڈر کے 1987 بیچ کے انڈین ایڈمنسٹریٹیو سروس (آئی اے ایس) کے افسر مسٹر سومناتھن کو 30 اگست 2026 کے بعد ایک سال کی توسیع دینے کی منظوری دی ہے۔ مسٹر سومناتھن 30 اگست 2024 سے کابینہ سکریٹری کے عہدے پر فائز ہیں۔ اس سے پہلے وہ وزیراعظم کے دفتر میں جوائنٹ سکریٹری اور ایڈیشنل سکریٹری بھی رہ چکے تھے۔ کابینہ سکریٹری کا عہدہ سنبھالنے سے ٹھیک پہلے وہ فنانس سکریٹری اور محکمۂ اخراجات (ڈیپارٹمنٹ آف ایکسپنڈیچر) کے سکریٹری کی ذمہ داری سنبھال رہے تھے۔ کلکتہ یونیورسٹی سے معاشیات میں پی ایچ ڈی مسٹر سومناتھن نے ڈیپوٹیشن کی بنیاد پر ورلڈ بینک میں کارپوریٹ امور کے ڈائریکٹر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔

## یو پی آئی پر فیس کی تجویز، کانگریس کا 'جیب کاٹنے' کا الزام

نئی دہلی (ایجنسی) مرکز کی مودی حکومت نے 'ڈیجیٹل انڈیا' کو فروغ دینے کے لیے خوب اشتہار دیے اور عوام سے اپیل کی کہ نقد کی جگہ یو پی آئی میں پیسوں کی لین دین کریں۔ اب خبریں سامنے آ رہی ہیں کہ یو پی آئی سے پیمنٹ کرنے پر فیس لینے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ یہ خبر سامنے آتے ہی کانگریس نے وزیر اعظم نریندر مودی پر سخت حملہ کیا ہے۔ کانگریس نے عوام سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا ہے کہ "مودی نے آپ کی جیب کاٹنے کا منصوبہ بنالیا ہے۔" یہ تبصرہ کانگریس نے اپنے آفیشیل 'ایکس' ہینڈل پر کیا ہے۔ ساتھ ہی پارٹی نے عوام سے کہا ہے کہ "جلد ہی آپ سے 2000 روپے سے زیادہ کے یو پی آئی پیمنٹ پر وصولی کی جاسکتی ہے۔" اس سوشل میڈیا پوسٹ میں کانگریس نے ہندی نیوز پورٹل 'خبر گاؤں' کی ایک خبر کا اسکرین شاٹ بھی شیئر کیا ہے۔ اس خبر کی سرخی ہے 'مفت نہیں رہ جائے گا یو پی آئی؟ 2000 سے اوپر کے لین دین پر پیسے وصولنے کی تیاری'۔

# 'صبر وتحمل کا مظاہرہ کرے پولیس، بات چیت کا راستہ اپنائے'

## دہلی طلبہ احتجاج پر سماعت کے دوران سپریم کورٹ کا اہم بیان



نئی دہلی۔ (ایجنسی) دہلی میں طلبہ کے احتجاج کے دوران پولیس کارروائی سے متعلق معاملے کی سماعت کرتے ہوئے سپریم کورٹ نے اہم ریمارکس دیے ہیں۔ عدالت نے اس عرضی کو اسی معاملے سے متعلق دیگر زیرِ التوا درخواستوں کے ساتھ یکجا کردیا۔ سماعت کے دوران سپریم کورٹ نے کہا، "جمہوریت میں پرامن مارچ اور مظاہروں کے دوران سیکورٹی فورسز کو بھی صبر وتحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔" عدالت نے مزید کہا کہ ایسے معاملات میں افسران کو انتہائی احتیاط اور ذمہ داری کے ساتھ فیصلے کرنے چاہئیں، تاکہ نوجوان تشدد کی راہ پر نہ چلیں۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس آف انڈیا (سی جے آئی) نے کہا کہ پرتشدد ردعمل سے کبھی کسی معاملے کا حل نہیں ہو سکتا، بلکہ اس سے صورتحال مزید بگڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "سب سے بڑی طاقت لوگوں کی بات سننا ہے۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں اور کس وجہ سے احتجاج کر رہے ہیں۔" عدالت نے یہ بھی کہا کہ اگر کچھ بھٹکے ہوئے مظاہرین پتھراؤ بھی کرتے ہیں تب بھی پہلی ترجیح بات چیت ہونی چاہیے۔ افسران کو پہلے یہ سمجھنے کی کوشش کرنی چاہیے کہ تحریک کے پیچھے ان کی ناراضگی کی کیا وجہ ہے؟ سپریم کورٹ نے کہا کہ احتجاج کر رہے نوجوان جارحانہ رویے کے نہیں بلکہ مناسب صلاح، راہنمائی اور کاؤنسلنگ کے حقدار ہیں۔ عدالت نے کہا کہ یہ نوجوان ہیں، انہیں بہت زیادہ مشاورت اور راہنمائی کی ضرورت ہے۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ طاقتور ریاست کے نام پر دوسری جانب سے دکھایا گیا جارحانہ رویہ بھی حالات کو غیر ضروری طور پر سنگین بنا سکتا ہے اور مزید تشدد کو جنم دے سکتا ہے۔ عدالت نے یہ واضح کیا کہ ایسی صورتحال سے ہر حال میں بچا جانا چاہیے۔ حالانکہ سی جے آئی نے یہ بھی واضح کیا کہ ایسے مظاہروں کو کس طرح کنٹرول کرنا ہے، اس کا حتمی فیصلہ لا اینڈ آرڈر برقرار رکھنے والی ایجنسیوں پر ہی چھوڑنا ہوگا، کیونکہ ان کے پاس ایسے حالات سے نمٹنے کا تجربہ اور مہارت ہے۔

# اسمبلی میں ہنگامہ آرائی سے نوجوانوں، کسانوں اور خواتین کے مسائل پر بحث نہ ہوسکی: سی ایم یوگی



لکھنؤ۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اسمبلی کا مانسون اجلاس وقت سے پہلے ملتوی ہونے کے بعد سماج وادی پارٹی (ایس پی) پر شدید حملہ کرتے ہوئے الزام لگایا کہ اپوزیشن کے ہنگامے کے باعث نوجوانوں، کسانوں، خواتین اور غریبوں سے جڑے اہم موضوعات پر ایوان میں بحث نہ ہوسکی۔ اسمبلی احاطے میں منعقدہ پریس کانفرنس میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اسمبلی سیشن کے دوران ایک بار پھر سماج وادی پارٹی کا اصلی چہرہ سامنے آ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کی کارروائی کو مسلسل ہنگامے کی نذر کرنا ریاست کے نوجوانوں، کسانوں، خواتین اور غریبوں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت 59 ہزار کروڑ روپے سے زائد کا ضمنی بجٹ لے کر آئی تھی، جس کا مقصد مختلف طبقات کی فلاح وبہبود کے لیے نئی اسکیمیں اور پروگرام شروع کرنا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے بجٹ میں متعدد مدات کے لیے رقم کا بندوبست کیا تھا نیز کئی اہم اعلانات بھی کیے تھے۔ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ حکومت آنگن واڑی ورکرز، باورچیوں، گرام چوکیداروں سمیت مختلف طبقات کے الاؤنس میں اضافے، خواتین کی پنشن، معذور افراد کی پنشن اور اولڈ ایج پنشن جیسے اہم موضوعات پر بحث کر کے انہیں آگے بڑھانا چاہتی تھی، لیکن سماج وادی پارٹی کے منفی رویے کے باعث ان مسائل پر ایوان میں غور وخوض نہ ہوسکا۔

انہوں نے الزام لگایا کہ سماج وادی پارٹی نے کسانوں، نوجوانوں، خواتین اور غریبوں سے متعلق موضوعات پر بحث نہیں ہونے دی۔ وزیر اعلیٰ نے اپوزیشن کے اس رویے کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ کسان، نوجوان، خاتون اور غریب مخالف ذہنیت کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ان حالات کے باوجود اسمبلی نے ضمنی گرانٹس کی مانگوں کو منظور کرلیا ہے اور حکومت جلد ہی بجٹ میں اعلان کردہ شقوں کو عملی جامہ پہنانے کی سمت میں ضروری کارروائی کرے گی۔ قابلِ ذکر ہے کہ اس سے قبل اتر پردیش اسمبلی کی کارروائی بدھ کے روز اپوزیشن کے مسلسل ہنگامے کے درمیان مقررہ وقت سے پہلے غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی گئی تھی۔ دراصل ایوان کی کارروائی اصل میں 6 اگست تک تجویز شدہ تھی، لیکن مسلسل رکاوٹ کے باعث اسے وقت سے پہلے ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ایوان کی کارروائی کے دوران مختلف مسائل پر اپوزیشن جماعتوں کے اراکین نے شدید احتجاج کیا اور نعرے بازی کی۔ ہنگامے کی وجہ سے کارروائی معمول کے مطابق نہیں چل سکی۔ مسلسل تعطل کی صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے اسمبلی اسپیکر نے ایوان کی کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کرنے کا اعلان کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی مون سون سیشن کا اختتام ہوگیا۔

## پاکستان کو ہندوستان کے اندرونی معاملات میں بولنے کا کوئی حق نہیں: ہندوستان

نئی دہلی (یو این آئی) ہندوستان نے پاکستان کے نائب وزیر اعظم کی جانب سے پاکستان میں منائے گئے نام نہاد یومِ استحصال پر کیے گئے تبصروں کو ہندوستان کے خلاف بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا ہے اور کہا ہے کہ پاکستان کو ہندوستان کے اندرونی معاملات پر بولنے کا کوئی حق نہیں ہے۔ وزارتِ امورِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے پاکستانی نائب وزیر اعظم کے بیان پر سخت ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر اور لداخ کے مرکز کے زیرِ انتظام علاقے ہندوستان کا اٹوٹ اور ناقابلِ تقسیم حصہ ہیں، ہمیشہ سے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جھوٹ پھیلانے کی مایوس کن کوششوں کا مقصد اپنے خراب انسانی حقوق کے ریکارڈ اور دہشت گردی کا عالمی مرکز ہونے کی صورت حال سے بین الاقوامی توجہ ہٹانا ہے۔ ترجمان نے کہا، ہندوستان، پاکستان کی جانب سے ہندوستان کے خلاف بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا پھیلانے کے لیے نام نہاد یوم استحصال منانے کی سیاسی لغویات اور بیکار کوششوں کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ جموں وکشمیر اور لداخ کے مرکز کے زیرِ انتظام علاقے ہندوستان کا اٹوٹ اور ناقابلِ تقسیم حصہ ہیں، ہمیشہ سے رہے ہیں اور ہمیشہ رہیں گے۔" انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو کی گئی آئینی تبدیلی مکمل طور پر ہندوستان کا اندرونی معاملہ ہیں۔ ان فیصلوں سے اس خطے کے لوگوں کے لیے بے مثال سماجی واقتصادی ترقی، گڈ گورننس اور جمہوری بااختیاری کا راستہ ہموار ہوا ہے۔

### جنتر منتر مظاہرین کے ساتھ راہل گاندھی کی پریس کانفرنس

# 'بھارت ماتا کی جے' کہنے پر غدار کہا گیا، طلبہ کے الزامات

### مظاہرین نے لاٹھی چارج، پیلٹ گن، حراست اور مذہب کی بنیاد پر امتیازی سلوک کے الزامات لگائے، راہل گاندھی کا حکومت پر حملہ، 'طالبات کے گھروں میں غنڈے بھیج کر معافی منگوائی گئی'، طلبہ کے خلاف کارروائی کے لیے امت شاہ ذمہ دار، حکومت سے جواب طلب



نئی دہلی: (ایجنسی) لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف اور کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے 20 جولائی کو پارلیمنٹ مارچ اور جنتر منتر پر طلبہ مظاہرین کے خلاف پولیس کارروائی کے معاملے پر بدھ کو 10 جن پتھ پر مختلف ریاستوں سے آئے طلبہ کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ راہل اپنے ساتھ چار احتجاج کرنے والے طالب علموں کو میڈیا کے سامنے لائے۔ ایک طالب علم نے کہا- بھارت ماتا کی جئے کہنے پر ہمیں غدار کہا گیا۔ ہم اطمینان سے چل رہے تھے کہ ایک پولیس افسر نے ہمیں جسم کے اوپری حصے پر مارا۔

شیواجی پارک احتجاج کے دوران پولیس کی گاڑی کے سامنے کھڑی ریا آہیر نے کہا، میں وہ لڑکی ہوں جس نے ممبئی پولیس کو روکا۔ میں کہنا چاہوں گا کہ میں وہ لڑکی ہوں جس نے 20 بچوں کو غیر قانونی طور پر حراست میں لینے سے روکا۔ میری اپیل ہے کہ بیانیہ کو بدل دیں۔ میں نے جو کیا اس کی وجہ سے مجھے ہراساں کیا جا رہا ہے۔ یہ ٹرولنگ نہیں، جرم ہے۔ نہ صرف عوام بلکہ پارٹی کارکن بھی میرے بارے میں سوشل میڈیا پر پوسٹ کر رہے ہیں۔ مجھے کہا جا رہا ہے کہ میں اپنا جسم 140 روپے میں بیچ رہا ہوں۔ کتنی گندگی ان کے ذہنوں میں ہوگی۔ میں نے 27 جولائی کو شکایت درج کروائی۔ آج تک مجھے ایف آئی آر نہیں ملی۔

پریس کانفرنس میں شریک جھارکھنڈ کی طالبہ نوتن ٹوپو نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے پیلٹ گن دیکھی تھی اور پولیس نے ان کی جانب بندوق کا رخ کیا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جیسے ہی وہ مڑیں، پیچھے سے ان پر فائر کیا گیا، جس کے نتیجے میں ان کے کان پر چوٹ آئی۔ اتر پردیش کی فرح ناز نے الزام لگایا کہ وہ جنتر منتر پر پرامن احتجاج کر رہے تھے، لیکن پولیس اہلکاروں نے ان پر بے رحمی سے لاٹھی چارج کیا۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں بس میں بٹھا کر تقریباً تین گھنٹے تک روکے رکھا گیا، جس کے بعد ان سے نام پوچھا گیا۔ فرح ناز کے مطابق، جب انہوں نے اپنا نام بتایا تو کہا گیا کہ یہ مسلمان ہے، اس کی الگ فہرست بنائی جائے گی، یہ دیش دروہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ لوگ تو وندے ماترم اور بھارت ماتا کی جے کے نعرے لگا رہے تھے، اس کے باوجود انہیں دیش دروہی قرار دیا گیا۔

راہل گاندھی نے کہا کہ پرامن احتجاج کرنے والے نوجوانوں کو تشدد، دھمکیوں اور ہراسانی کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ خواتین مظاہرین کے گھروں میں غنڈے بھیج کر ان سے زبردستی معافی منگوانے کی کوشش کی گئی۔ راہل گاندھی نے کہا کہ انہوں نے مختلف ریاستوں سے تعلق رکھنے والے نوجوان مظاہرین سے تفصیلی گفتگو کی ہے۔ ان کے مطابق ان طلبہ نے آئین، تعلیمی نظام اور ملک کے مستقبل کے لیے آواز اٹھائی۔ انہوں نے کہا کہ مظاہرین کا کہنا ہے کہ انہوں نے کسی قسم کا تشدد نہیں کیا، اس کے باوجود ان پر لاٹھیاں برسائی گئیں، انہیں مارا پیٹا گیا اور مسلسل ہراساں کیا جا رہا ہے۔

انہوں نے کہا، "آپ نے کوئی غلط کام نہیں کیا، اس لیے آپ کو کسی سے معافی مانگنے کی ضرورت نہیں۔ امتحانی پرچہ لیک ہونے اور تعلیمی نظام کی خامیوں کے خلاف آواز اٹھانا جرم نہیں بلکہ اصلاح کا مطالبہ ہے۔" راہل گاندھی نے الزام لگایا کہ ایک 15 سالہ طالبہ کے گھر غنڈے بھیج کر اس سے زبردستی معافی منگوائی گئی، جسے انہوں نے مکمل طور پر غیر معقول اور ناقابل قبول قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے اقدامات جمہوریت اور آئینی اقدار کے منافی ہیں۔ راہل گاندھی نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کو براہِ راست نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ اگر پولیس کارروائی ان کی معلومات کے بغیر ہوئی تو وہ اپنے فرائض انجام دینے میں ناکام ہیں، اور اگر انہی کے حکم پر ہوئی تو پھر وہ اس کے ذمہ دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں صورتوں میں جوابدہی امت شاہ کی بنتی ہے۔ راہل گاندھی نے یہ بھی کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی اور امت شاہ میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ میڈیا کے سامنے آکر اس معاملے پر سوالات کا سامنا کریں۔

### آرٹیکل 370 کے خاتمے کے سات سال مکمل

# پی ایم مودی کی ستائش، کہا: جموں وکشمیر اور لداخ ترقی کے نئے دور میں داخل ہوئے



نئی دہلی (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے بدھ کے روز کہا کہ سات سال قبل آرٹیکل 370 اور 35 (اے) کا خاتمہ جموں وکشمیر اور لداخ کے لیے ایک "فیصلہ کن نیا باب" لے کر آیا انہوں نے زور دے کر کہا کہ 05 اگست 2019 کے تاریخی فیصلے کے بعد سے مرکز کے زیرِ انتظام دونوں علاقوں میں اہم ترقی ہوئی ہے، وہاں وسیع تر مواقع پیدا ہوئے ہیں اور وہ آئینی اعتبار سے بااختیار ہوئے ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ خصوصی درجے کی دفعات کی منسوخی نے آئینِ ہند کے مکمل نفاذ کو یقینی بنا کر اور متعدد شعبوں میں مواقع کو وسعت دے کر عوام کی زندگیوں کو بدل دیا ہے۔ مسٹر مودی نے لکھا، "سات سال قبل، آج کے دن آرٹیکل 370 اور 35 (اے) تاریخ کا حصہ بن گئے تھے، جس نے جموں وکشمیر اور لداخ کے سفر میں ایک فیصلہ کن نئے باب کا آغاز کیا تھا۔"

گزشتہ سات سال کے دوران خطے میں آنے والی تبدیلیوں کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، انٹرپرینیورشپ) اور کھیلوں کے شعبوں میں مواقع میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا، اس کے بعد سے، جموں وکشمیر اور لداخ کے لوگوں کی زندگیوں میں ہمہ گیر تبدیلی دیکھی گئی ہے۔ بنیادی ڈھانچے کو وسعت ملی ہے، تعلیم، صحت عامہ، کاروبار اور کھیلوں جیسے شعبوں میں مواقع بڑھے ہیں۔ مسٹر مودی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ خطے میں تمام آئینی دفعات کی توسیع نے خواتین اور پسماندہ طبقات کو بااختیار بنایا ہے، جو دہائیوں سے کئی آئینی حقوق سے محروم تھے۔ انہوں نے کہا، خواتین ہوں یا پسماندہ طبقات، جنہیں دہائیوں سے ان کے بنیادی آئینی حقوق سے محروم رکھا گیا تھا، آئینِ ہند کے مکمل نفاذ کی بدولت انہیں بااختیار بنایا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس سال کی سالگرہ اس لحاظ سے مزید اہم ہے کیونکہ ہندوستان ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کا 125 واں یوم پیدائش منا رہا ہے۔ انہوں نے جموں وکشمیر کے باقی ملک کے ساتھ مکمل انضمام کے لیے ان کی جدوجہد کو یاد کیا۔ مسٹر مودی نے کہا، "اس سال 5 اگست کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیونکہ یہ وہ سال ہے جب ہمارا ملک ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کا 125 واں یومِ پیدائش منا رہا ہے۔

# کھاد کیلئے قطاروں میں کھڑے کسان، ویڈیو شیئر کر کے اکھلیش نے لگایا الزام

### انتخابات میں بی جے پی کے خلاف اس سے بھی لمبی قطار بنائیں گے: سماجوادی پارٹی کے صدر



لکھنؤ: سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش یادو نے اتر پردیش کے ضلع گونڈا میں کھاد حاصل کرنے کے لیے لمبی قطاروں میں کھڑے کسانوں کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی حکومت پر سخت تنقید کی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ آج جن کسانوں کو کھاد کے لیے گھنٹوں قطار میں کھڑا ہونا پڑ رہا ہے، وہی آئندہ اسمبلی انتخابات میں بی جے پی کے خلاف اس سے بھی زیادہ لمبی قطار بنا کر اسے اقتدار سے باہر کردیں گے۔ اکھلیش یادو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ شدید بارش کے باوجود گونڈا میں کسان کھاد حاصل کرنے کے لیے قطاروں میں کھڑے ہیں اور ان کا کہنا ہے کہ اگلے انتخابات میں اس سے دوگنی لمبی قطار بی جے پی کے خلاف ووٹ ڈالنے کے لیے نظر آئے گی۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ 'جب کھیت مسکرائیں گے تو ملک بھی مسکرائے گا'۔ ایک دوسری پوسٹ میں بھی اکھلیش یادو نے بی جے پی حکومت کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ جب تک بی جے پی کی بدعنوانی کا 'نالہ' بہتا رہے گا، ملک کے حالات بہتر نہیں ہوں گے۔ ان کے مطابق اس وقت ملک کا سب سے بڑا بحران بی جے پی ہے اور اگر یہ حکومت چلی جائے تو حالات خود بخود بہتر ہو جائیں گے۔ دوسری جانب گونڈا ضلع میں خریف سیزن کے دوران یوریا اور ڈی اے پی کھاد کی بڑھتی ہوئی طلب کے باعث مختلف کوآپریٹو سوسائٹیوں پر کسانوں کی لمبی قطاریں مسلسل موضوعِ بحث بنی ہوئی ہیں۔ ریاستی وزیر زراعت سوریہ پرتاپ شاہی نے ضلع کا دورہ کر کے کھاد کی تقسیم کے انتظامات کا جائزہ لیا اور بعض مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں بھی کیں، تاہم اس کے باوجود کئی مراکز پر کسانوں کو گھنٹوں انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔

## آر بی آئی نے ریپو ریٹ 5.25 فیصد پر برقرار رکھنے کا کیا فیصلہ، نہیں بڑھے گی قرض کی ای ایم آئی

نئی دہلی (ایجنسی) ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) نے بدھ کو وسیع پیمانے پر کی جانے والی توقعات کے مطابق مسلسل تیسری بار اہم پالیسی شرح سود میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔ مغربی ایشیا میں جاری بحران کے باعث توانائی کی قیمتوں میں غیر یقینی اور سپلائی متاثر ہونے کے خدشات کو دیکھتے ہوئے سنٹرل بینک نے یہ فیصلہ کیا ہے۔ آر بی آئی کی مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) نے متفقہ طور پر پالیسی شرح سود (ریپو ریٹ) کو 5.25 فیصد برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ کمیٹی نے اپنی مانیٹری پالیسی کا موقف بھی غیر جانب دار رکھا ہے۔ آر بی آئی کے گورنر سنجے ملہوترا نے کہا کہ ہندوستان دنیا کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی بڑی معیشت بنا ہوا ہے۔ مضبوط داخلی طلب کے باعث اقتصادی ترقی کو مسلسل حمایت مل رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی سطح پر مسلسل برقرار غیر یقینی کے باوجود ہندوستانی معیشت نے مضبوطی کا مظاہرہ کیا ہے۔ اپریل سے جون کی سہ ماہی میں ملک کی معیشت کی کارکردگی آر بی آئی کے اندازے سے بہتر رہی ہے۔ موجودہ مالی سال کی تیسری دو ماہی مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے گورنر نے کہا کہ خدمات کے شعبے میں مضبوطی سے شہری اخراجات کو حمایت ملنے کا امکان ہے۔

### شیخ حسینہ کا دو سال بعد خفیہ مقام سے خطاب

# شیخ حسینہ نے وطن واپسی کا عزم دہرایا، خطاب کے دوران کیمرہ بند تھا



ڈھاکہ/نئی دہلی۔ (ایجنسی) بنگلہ دیش کی سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ نے تقریباً دو برس بعد بدھ کے روز ایک ورچوئل خطاب میں اعلان کیا کہ وہ رواں سال دسمبر میں بنگلہ دیش واپس جائیں گی، چاہے انہیں جیل جانا پڑے یا جان سے ہاتھ دھونا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی حمایت ان کے لیے سب سے بڑی طاقت ہے اور موت کی سزا، جھوٹے مقدمات یا نمائشی عدالتی کارروائیاں انہیں خوفزدہ نہیں کرسکتیں۔ تقریباً 25 منٹ پر مشتمل اس خطاب کے دوران شیخ حسینہ نے کیمرہ بند رکھا اور صرف آڈیو کے ذریعے اپنی بات رکھی۔ انہوں نے کہا کہ ان کے خلاف جاری قانونی کارروائیاں غیر قانونی، غیر آئینی اور سیاسی انتقام پر مبنی ہیں۔ شیخ حسینہ نے کہا کہ انہوں نے اپنی مرضی سے بنگلہ دیش نہیں چھوڑا تھا۔ ان کے مطابق جب مظاہرین وزیر اعظم کی رہائش گاہ کی طرف بڑھ رہے تھے تو ان کے پاس وہاں سے نکلنے کے لیے صرف 30 سے 40 منٹ کا وقت تھا۔ اس وقت انہیں یہ معلوم نہیں تھا کہ وہ ملک چھوڑنے جا رہی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے آبائی گاؤں تونگی پاڑہ جانے کی تیاری کر رہی تھیں، لیکن حالات نے انہیں ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ واضح رہے کہ شیخ حسینہ اگست 2024 سے بھارت میں مقیم ہیں۔ طلبہ تحریک کے بعد ان کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا تھا اور انہیں ڈھاکہ چھوڑنا پڑا تھا۔ گزشتہ برس نومبر میں ڈھاکہ کی ایک خصوصی ٹریبونل نے 2024 کی تحریک کے دوران مظاہرین کے خلاف کارروائی سے متعلق انسانیت کے خلاف جرائم کے مقدمے میں غیر موجودگی میں انہیں سزائے موت سنائی تھی۔




# پارلیمنٹ کے احاطے میں اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ کا زبردست ہنگامہ، 'وزیر داخلہ جواب دو' کا لگا نعرہ




نئی دہلی۔ (ایجنسی) پارلیمنٹ میں اپوزیشن کا تعطل مسلسل جاری ہے۔ اپوزیشن جنتر منتر پر طلبہ مظاہرے کے دوران ہوئی پولیس کارروائی کو لے کر حکومت کو گھیر رہی ہے۔ اپوزیشن کا مطالبہ ہے وزیر داخلہ امت شاہ اس معاملے پر ایوان میں جواب دیں۔ بدھ (5 اگست) کو رام مندر میں عطیات چوری، پیلیٹ گن کے استعمال کو لے کر وزیر داخلہ کا جواب اور جموں وکشمیر کی ریاست کا درجہ بحال کرنے کے مطالبے کو لے کر اپوزیشن نے پارلیمنٹ کے احاطے میں زبردست احتجاج کیا۔ لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رہنما راہل گاندھی، کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا سمیت دیگر اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ کے خلاف پریرنا استھل پر گاندھی جی کے مجسمہ سے مکر دوار تک مارچ کر رہے ہیں۔ اپوزیشن ایوان میں وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ کے جواب کا مطالبہ کر رہا ہے۔ اپوزیشن کا کہنا ہے کہ ایوان میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آئیں اور جواب دیں کہ 20 جولائی کو جنتر منتر پر احتجاج کے دوران پیلیٹ گن کا استعمال کیوں کیا گیا؟ پیلیٹ گن کے استعمال کی اجازت کس نے دی؟

ساتھ ہی اپوزیشن نے اپنے مارچ میں ایک علامتی 'دان پیٹی' بھی رکھا ہے۔ پارلیمنٹ کے احاطے میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ملکارجن کھڑگے نے کہا کہ "ہمارا مطالبہ یہی ہے کہ وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ ایوان میں آئیں۔ وہ اپنا بیان دیں، ہم بحث کرنے کو تیار ہیں۔ بحث سے ہی حل نکلے گا۔ ایوان شروع ہوئے کافی دن ہوگئے ہیں۔ انہیں آنا چاہیے، ایوان میں نہ آکر وہ پارلیمنٹ کی توہین کر رہے ہیں۔" ساتھ ہی انہوں نے کہا کہ "ایوان میں جانا ہماری ذمہ داری ہے، عوام کے تئیں ہماری جوابدہی ہے۔ نریندر مودی اور امت شاہ اپنی انا کی وجہ سے پارلیمنٹ میں نہیں آرہے ہیں۔"

## ایران امریکہ جنگ:

# امریکہ کے 80 فیصد دفاعی میزائل ختم ہو چکے: رپورٹ

**عمان کے ساتھ کسی بھی معاہدے سے آبنائے ہرمز فوری طور پر دوبارہ نہیں کھلے گی: ایرانی میڈیا ☆ ایران کا دورانِ جنگ بندی فوجی تعداد بڑھانے، میزائل و ڈرون صلاحیت مزید مضبوط کرنے کا دعویٰ ☆ ایران جنگ و مہنگائی، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مجموعی کارکردگی کی مقبولیت کم ہو کر 35 فیصد رہ گئی**



واشنگٹن، 5 اگست (یو این آئی) امریکہ کے اہم ترین میزائل ڈیفنس سسٹم تھاڈ ※ میں استعمال ہونے والے انٹرسیپٹرز (میزائلوں) کا تقریباً 80 فیصد ذخیرہ ختم ہو چکا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے سی این این نے معاملے سے باخبر دو ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ کے آغاز سے اب تک امریکی فوج اپنے تھاڈ میزائلوں کے ذخیرے کا تقریباً 80 فیصد حصہ استعمال کر چکی ہے جبکہ جنگ سے پہلے کی تعداد کے مقابلے میں پیٹریاٹ ※ (Patriot) انٹرسیپٹرز کا بھی لگ بھگ نصف ذخیرہ ختم ہو چکا ہے۔ سی این این کے مطابق گولہ بارود کے کم ہوتے ذخائر اور مشرق وسطیٰ میں امریکی اتحادیوں پر ایران کی ممکنہ جوابی کارروائی کے خدشات نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایرانی تنصیبات پر بڑے پیمانے پر حملوں کا منصوبہ منسوخ کرنے پر آمادہ کیا۔ اس سے قبل برطانوی خبر رساں ادارے نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا تھا کہ ایران کے خلاف جنگ میں امریکہ نے انتہائی درست نشانہ لگانے والے تمام میزائلوں کو بظاہر استعمال کر لیا ہے۔ دوسری جانب پینٹاگون اور وائٹ ہاؤس کے حکام نے گولہ بارود اور اسلحے کے ذخیرے میں کمی کے ان خدشات کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ پینٹاگون کے ترجمان شان پارنیل نے سی این این سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امریکی فوج دنیا کی سب سے طاقتور فوج ہے اور اس کے پاس وہ سب کچھ موجود ہے جو صدر کے منتخب کردہ وقت اور مقام پر کارروائی کے لیے درکار ہے۔ وائٹ ہاؤس کی ترجمان اینا کیلی نے اس حوالے سے مزید کہا کہ امریکی فوج کے پاس صدر ٹرمپ کے تمام اسٹریٹجک اہداف اور اس سے آگے کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے گولہ بارود اور دیگر ذخائر ضرورت سے زیادہ موجود ہیں۔

☆ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق عمان کے ساتھ کسی بھی معاہدے سے آبنائے ہرمز فوری طور پر دوبارہ نہیں کھلے گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے عمان کے ساتھ ہونے والے مذاکرات کا امریکا سے کوئی تعلق نہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا کا کہنا ہے کہ آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنا امریکا کے رویے میں تبدیلی اور اس کی خلاف ورزیوں کی اصلاح پر منحصر ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل امریکہ، ایران اور عمان آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے 60 روزہ عارضی معاہدے کے قریب پہنچ گئے۔ امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکہ اس عارضی معاہدے کا اعلان آج کرنا چاہتا ہے۔ امریکی ویب سائٹ ایگزیوس کا کہنا ہے کہ معاہدے میں عمان، ایران کے درمیان آبنائے ہرمز کے لیے 60 روزہ عارضی انتظام شامل ہے، جس میں توسیع کی جا سکتی ہے۔

☆ ایران نے امریکہ کے ساتھ جنگ بندی کے دوران اپنی دفاعی اور عسکری صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر مذاکرات ناکام ہوئے تو ہم دوبارہ جنگ کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ ایرانی فوج کے ترجمان نے سرکاری ٹی وی کو بتایا ہے کہ جنگ بندی کے ہر لمحے سے بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوئے موجودہ ہتھیاروں کو جدید بنایا گیا، نئے دفاعی نظام تیار کیے گئے، نقصان زدہ تنصیبات بحال کی گئیں اور نئی ٹیکنالوجی پر کام تیز کیا گیا۔ ترجمان ایرانی فوج کے مطابق نئی نسل کے ڈرون بھی جنگ میں استعمال کیے گئے جن کی تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔ عرب میڈیا کے مطابق ایرانی قائم مقام وزیرِ دفاع کا کہنا ہے کہ میزائل اور ڈرون کی پیداوار ایک دن بھی نہیں رُکی جبکہ ڈرون کی پیداوار جنگ سے پہلے کے مقابلے میں 3 گنی تک ہو گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ اعلیٰ فوجی کمانڈروں کی شہادتوں کے باوجود ایرانی افواج نے اپنی تنظیم برقرار رکھی اور نئی حکمتِ عملی سے دشمن کو حیران کیا۔ پاسدارانِ انقلاب کے ترجمان نے بھی دعویٰ کیا ہے کہ جنگ بندی کے دوران میزائل سازی کی رفتار اور میزائلوں کی درستگی میں مزید بہتری آئی، تاہم اسلحے کے ذخائر یا جنگی نقصانات کی تفصیلات جاری نہیں کی گئیں۔ امریکی میڈیا کی رپورٹس میں بھی دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایران کے پاس جنگ سے پہلے کے میزائل کے ذخیرے کا تقریباً 70 فیصد اور ڈرونز کا 40 فیصد حصہ اب بھی موجود ہے جس سے وہ طویل عرصے تک غیر روایتی جنگ جاری رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ عرب میڈیا کا دعویٰ ہے کہ ایران کو جلد چین میں تیار کردہ 400 کندھے پر رکھ کر فائر کیے جانے والے فضائی دفاعی میزائل مل سکتے ہیں تاہم چین اور پاکستان نے اس خبر کی تردید کی ہے جبکہ ایران نے کوئی تبصرہ نہیں کیا۔ عرب میڈیا کی رپورٹ کے مطابق سابق ایرانی فوجی کمانڈر نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ہزاروں حملے بھی ایران کی عسکری صلاحیت کو ختم نہیں کر سکے۔ ان کا کہنا ہے کہ میزائلوں کی ہدف تک پہنچنے اور تباہ کرنے کی صلاحیت اور مقامی دفاعی پیداوار میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے جبکہ زیرِ زمین میزائل اور ڈرون مراکز سے نئے ہتھیار آپریشنل نظام میں شامل کیے جا رہے ہیں۔ ادھر یمن کے حوثیوں نے سعودی عرب کے نجران ہوائی اڈے پر ڈرون حملے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ بحیرۂ احمر میں ایک مال بردار جہاز پر حملے کے بعد تمام 14 ملاحوں کو بحفاظت نکال لیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ خطے میں کشیدگی برقرار ہے، عمان اور آبنائے ہرمز کے اطراف بھی بحری جہازوں پر حملوں اور سیکیورٹی خدشات کے باعث صورتِ حال بدستور کشیدہ ہے۔

☆ اسرائیل کی ایماء پر ایران کے ساتھ جنگ اور بڑھتی مہنگائی کے نتیجے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی عوامی مقبولیت میں مزید کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز اور ادارہ اپسوس کی مشترکہ نئی رائے شماری کے مطابق صدر ٹرمپ کی مجموعی کارکردگی کی مقبولیت کم ہو کر 35 فیصد رہ گئی جبکہ معاشی معاملات پر بھی عوام کا اعتماد کمزور پڑنے لگا ہے۔ رائے شماری کے مطابق ڈیموکریٹک پارٹی نے معیشت کے معاملے پر عوامی اعتماد حاصل کرنے میں پہلی بار گزشتہ 10 برس کے دوران ریپبلکن پارٹی پر سبقت حاصل کر لی۔ رائے شماری میں رجسٹرڈ ووٹرز میں سے 42 فیصد نے کہا ہے کہ اگر آج انتخاب ہوں تو ہم ڈیموکریٹک پارٹی کے امیدوار کی حمایت کریں گے جبکہ 37 فیصد نے ریپبلکن پارٹی کو ترجیح دی۔ رائے شماری کے نتائج میں بتایا گیا ہے کہ ٹرمپ کی مقبولیت میں کمی کے سبب معیشت سنبھالنے کے معاملے میں بھی ووٹرز نے ڈیموکریٹک پارٹی پر زیادہ اعتماد کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایران جنگ کے بعد توانائی کی بڑھتی قیمتوں سمیت معاشی مسائل نے ریپبلکن پارٹی کی برتری کو متاثر کیا ہے جس کے اثرات نومبر میں ہونے والے وسطِ مدتی انتخابات پر پڑ سکتے ہیں جہاں آئندہ 2 برس کے لیے کانگریس کا کنٹرول داؤ پر ہوگا۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق رائے شماری بدھ سے پیر تک کی گئی جس میں 4 ہزار 505 امریکی بالغ افراد نے حصہ لیا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس رائے شماری کے نتائج میں معمولی غلطی کی گنجائش بھی موجود ہے۔ دوسری جانب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے رائے شماری مسترد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ میری حقیقی مقبولیت میڈیا کی جانب سے پیش کیے جانے والے اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہے۔

# اسلامی جمہوریہ ایران فلسطینی عوام کی حمایت اور مدد جاری رکھے گا: صدر ڈاکٹر پزشکیان



سحر نیوز/ایران: ارنا کی رپورٹ کے مطابق صدر ایران ڈاکٹر مسعود پزشکیان نے حماس کے پولٹ بیورو کے سربراہ خلیل الحیہ کے ساتھ ٹیلی فونی گفتگو میں کہا ہے کہ فلسطینی رہنما، مذاکرات میں جو تدابیر بھی اختیار کریں گے اور جو فیصلہ بھی کریں گے، اسلامی جمہوریہ ایران اس کی حمایت کرے گا۔ صدر مملکت نے غاصب صیہونی حکومت کے وحشیانہ مظالم اور جرائم کے مقابلے میں مظلوم فلسطینی عوام کے صبر و تحمل، استقامت اور مزاحمت کو قابل تعریف بتایا۔ انھوں نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کے حکام اور عوام کا قلب اور روح ہمیشہ مظلوم فلسطینی عوام کے ساتھ ہے اور ہم فلسطینی قوم کی حمایت ہر حال میں جاری رکھیں گے۔ انھوں نے اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف امریکہ اور صیہونی حکومت کی جارحیتوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان تمام مشکلات کے باوجود، مسئلہ فلسطین ہماری نگاہ میں اسلامی دنیا کا اہم ترین مسئلہ ہے۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران فلسطینی عوام کی حمایت و مدد میں کسی بھی کوشش سے دریغ نہیں کرے گا۔ حماس کے پولٹ بیورو کے سربراہ خلیل الحیہ نے اس ٹیلی فونی گفتگو میں صیہونی حکومت اور امریکہ کی جارحیتوں کے مقابلے میں اسلامی جمہوریہ ایران کی استقامت و پائیداری کو قابل تعریف بتایا۔ انھوں نے اسلامی جمہوریہ ایران کی جانب سے مظلوم فلسطینی عوام کی حمایت کو مثالی قرار دیا اور کہا کہ فلسطینی عوام صیہونی حکومت کے تمام تر مظالم، وحشیانہ حملوں اور دباؤ کے باوجود فلسطینی اہداف اور شہدائے فلسطین کے خون سے جو عہد انھوں نے کیا ہے، اس پر باقی رہیں گے۔

# پاکستان اور ایران میں اہم معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق



اسلام آباد، 5 اگست (یو این آئی) پاکستان اور ایران کے درمیان ایک اہم معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کر لیا گیا ہے۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق پاکستان اور ایران نے آزاد تجارتی معاہدے کو جلد حتمی شکل دینے پر اتفاق کرتے ہوئے دوطرفہ تجارتی حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اسلام آباد میں پاک ایران مشترکہ تجارتی کمیٹی کے دسویں اجلاس کے متفقہ منٹس پر دستخط کر دیے گئے۔ تین روزہ مذاکرات میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے کے شعبوں پر اتفاق کرتے ہوئے دوطرفہ تجارت کے فروغ کے لیے عملی اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ مذاکرات میں آزاد تجارتی معاہدے کے قواعدِ اصل اور ٹیرف کمی کے طریقہ کار پر اہم پیش رفت ہوئی۔ پاک ایران بزنس ٹو بزنس روابط کو مزید مضبوط بنانے کے ساتھ دونوں ممالک نے بارٹر ٹریڈ کے نظام کو وسعت دینے اور مزید موثر بنانے پر بھی اتفاق کیا۔ دونوں ممالک نے سرحدی تجارت کے فروغ اور مقامی آبادیوں کو معاشی مواقع فراہم کرنے کے عزم کے ساتھ چیدگی کوہک سرحدی مارکیٹ کے افتتاح کا عمل تیز کرنے پر بھی اتفاق کیا اور مشترکہ سرحدی منڈیوں کے موثر انتظام کے لیے مشترکہ کمیٹیاں قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ مذاکرات میں زرعی اور باغبانی مصنوعات کی باہمی تجارت بڑھانے کے لیے اقدامات پر اتفاق کرتے ہوئے ٹرانسپورٹ، لاجسٹکس اور سرحدی رابطوں کو مزید بہتر بنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا اور یہ بھی طے کیا گیا کہ متفقہ فیصلوں پر فوری عمل کے لیے دونوں ممالک کی تکنیکی کمیٹیاں کام جاری رکھیں گی۔

## آبنائے ہرمز اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے نئے دعوے

سحر نیوز/ دنیا: ارنا کی رپورٹ کے مطابق امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کھولے جانے سے متعلق مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے لیکن ابھی حتمی سمجھوتے پر اتفاق نہیں ہو سکا ہے۔ مارکو روبیو نے صحافیوں کے ساتھ گفتگو میں یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں، بقول ان کے، جہازوں کی آمد و رفت جاری ہے۔ امریکی وزیر خارجہ نے اسی کے ساتھ یہ بھی کہا کہ آبنائے ہرمز کے بارے میں کوئی بھی بات یقین سے نہیں کہی جا سکتی لیکن امید ہے کہ جلد ہی اس سلسلے میں سمجھوتہ ہو جائے گا۔

# ٹی ٹی پی کے سربراہ نے پاکستان کے اندر موجودگی کا دعویٰ کیا

## اسلام آباد کے افغانستان کے بیانیے کو چیلنج کیا




خیبر پختونخواں۔ 5/ اگست۔ ایم این این۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) نے ایک نئی ویڈیو جاری کی ہے جس میں مبینہ طور پر اس کے سربراہ مفتی نور ولی محسود کو پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخوا کے اندر سے کام کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے، جس میں اسلام آباد کے اس دیرینہ دعوے کو براہ راست چیلنج سمجھا جاتا ہے کہ گروپ کی قیادت پڑوسی ملک افغانستان میں چھپی ہوئی ہے۔ فوٹیج میں نور ولی محسود کو کرم اور کرک اضلاع کے علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے، جو تنظیم کے خلاف جاری فوجی کارروائیوں کے باوجود پاکستانی حدود کے اندر غیر محدود نقل و حرکت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ سی این این نیوز۔ 18 کو معلوم ہوا ہے کہ نور ولی محسود نے اس ایڈریس کا استعمال ایسے عسکریت پسند دھڑوں سے کیا جو ٹی ٹی پی کے ساتھ منسلک نہیں ہیں کہ وہ تنظیم کی صفوں میں شامل ہوں۔ انہوں نے مبینہ طور پر غیر وابستہ گروپوں پر زور دیا کہ وہ اس کے خلاف متحد ہو جائیں جسے انہوں نے کافر پاکستانی فوج" کے طور پر بیان کیا ہے اور خطے میں سرگرم جہادی تنظیموں کے درمیان زیادہ تعاون پر زور دیا ہے۔ ٹی ٹی پی کے سربراہ نے پاکستان کی فوجی اسٹیبلشمنٹ کو ایک سخت انتباہ بھی جاری کیا، جس میں سیکیورٹی فورسز اور حکومتی اہداف کے خلاف تیز حملوں کی دھمکی دی گئی۔ نور ولی محسود نے اشارہ دیا کہ گروپ کی مستقبل کی کارروائیاں تیزی سے پاکستان کے صوبہ خیبر پختونخواہ پر مرکوز ہوں گی، جس نے ٹی ٹی پی کی میدان جنگ کی حکمت عملی میں تبدیلی کا مشورہ دیا۔ محسود پاکستان کے قبائلی علاقوں میں لوگوں کو درپیش مسائل پر بات کرتے ہوئے بھی دیکھا جاتا ہے، یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ فوجی کارروائیوں نے مقامی کمیونٹیز کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ نور ولی محسود نے کشمیر اور فلسطین میں جہادی تحریکوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ٹی ٹی پی کے پاکستان کی فوج کو شکست دینے اور ملک میں شرعی قانون کے قیام کے مقصد کا اعادہ کیا۔ ویڈیو میں کیے گئے دعووں کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی ہے۔ یہ ویڈیو پاکستان کے ضلع سوات میں ایک مہلک خودکش بم دھماکے کے چند دن بعد سامنے آئی ہے۔ 2 اگست کو سول سوسائٹی کے احتجاج کے دوران ایک خودکش بمبار نے پولیس اسٹیشن کے قریب ایک مصروف چوراہے کو نشانہ بنایا، جس میں آٹھ پولیس اہلکاروں سمیت 13 افراد ہلاک اور 22 زخمی ہوئے۔

# اسرائیلی حکام نے ایران سے معاہدے کیلئے ٹرمپ کی کوششوں پر سوالات اٹھا دیے



تل ابیب، 5 اگست (یو این آئی) اسرائیلی حکام نے ایران کے ساتھ امریکہ کی تازہ سفارتی کوششوں پر شکوک و شبہات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے مشیر ہر قیمت پر ایران کے ساتھ معاہدہ کرنے کے خواہاں ہیں۔ اسرائیلی نشریاتی ادارے چینل 12 کے مطابق اسرائیل کو ایران سے مذاکرات کے حوالے سے امریکہ کی جانب سے براہِ راست آگاہ نہیں کیا جا رہا اور وہ معلومات کے لیے بالواسطہ ذرائع پر انحصار کر رہا ہے۔ رپورٹ میں ایک سینئر اسرائیلی حکام کے حوالے سے کہا گیا ہے کہ تل ابیب میں صدر ٹرمپ کی تہران کے حوالے سے پالیسی پر غیر یقینی صورتِ حال بڑھتی جا رہی ہے۔ امریکی پالیسی میں اچانک تبدیلی کا اشارہ دیتے ہوئے اسرائیلی حکام نے کہا ہے کہ ٹرمپ کے ساتھ امن اور جنگ کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے جتنا کی بورڈ پر R، T اور U حروف کے درمیان ہے۔ چینل 12 کے مطابق آبنائے ہرمز سے متعلق ایران کے ساتھ جاری مذاکرات پر واشنگٹن اسرائیل کو براہِ راست بریفنگ نہیں دے رہا، جس کے باعث اسرائیلی حکام زیادہ تر معلومات بالواسطہ ذرائع سے حاصل کر رہے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اسرائیلی حکام نے نجی محفلوں میں نئی سفارتی کوششوں کا مذاق اڑاتے ہوئے کہا کہ ممکنہ معاہدہ آبنائے ہرمز میں سرگرمیوں کے لیے قواعد و ضوابط طے کر سکتا ہے اور واشنگٹن اور تہران کے درمیان پہلے سے موجود کسی مفاہمت کی بحالی کی راہ ہموار کر سکتا ہے۔ واضح رہے کہ امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے کہا تھا کہ واشنگٹن اور تہران کے درمیان اہم بین الاقوامی آبی گزرگاہوں سے آمد و رفت کے حوالے سے مذاکرات ابھی حتمی مرحلے میں نہیں پہنچے، تاہم مجھے امید ہے کہ اس سلسلے میں بہت جلد معاہدہ طے پا جائے گا۔

## فلسطین کی آزادی کیلئے مسلم ممالک کو مل کر کام کرنا ہوگا: اسحاق ڈار



☆ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ فلسطین کی آزادی کیلئے مسلم ممالک کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ مقبوضہ بیت المقدس میں اسرائیلی اقدامات بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں، مسجد اقصیٰ میں انتہاپسند اسرائیلیوں کی دراندازی کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدس مقامات پر اسرائیل کے قبضے کے مذموم مقاصد ناقابل قبول ہیں، فلسطین کی آزادی کیلئے عرب اور مسلم ملکوں کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ غزہ میں انسانی صورتحال انتہائی ابتر ہوتی جا رہی ہے، عوام کو خوراک اور پانی کی شدید قلت کا سامنا ہے۔

### ایران معاہدے سے پھر پیچھے ہٹا تو انتہائی سخت حملے کا سامنا کرے گا: ٹرمپ

واشنگٹن، 5 اگست (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ہم ایران کے خلاف ایک بہت بڑے حملے کی تیاری کر رہے تھے، جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد سب سے بڑا حملہ ہوتا، لیکن ایران نے رابطہ کر کے مذاکرات کی درخواست کی۔ ٹرمپ نے فاکس نیوز کو دیے گئے ایک انٹرویو میں کہا ہے کہ اب امریکہ اور ایران کے درمیان انتہائی مثبت مذاکرات جاری ہیں، 48 گھنٹوں میں ہمیں پتہ چل جائے گا کہ معاہدہ ہوگا یا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے درمیان بہت اچھے مذاکرات ہو رہے ہیں، ایران اس بات کو تسلیم کرنا پسند نہیں کرتا، لیکن حقیقت یہی ہے، اگرچہ یہ صورتِ حال کچھ پریشان کن ضرور ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اصل اہمیت صرف عملی اقدامات کی ہے اور ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے، دیکھتے ہیں آگے کیا ہوتا ہے، اگر وہ معاہدہ نہیں کرتا تو یہ اس ہی کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ ٹرمپ نے زور دیا کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا، وہ پہلے بھی ایسا نہیں کر سکتا، لیکن اب اس پر باضابطہ طور پر مہر لگ چکی ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ آبنائے ہرمز بہت جلد کھول دی جائے گی، ورنہ ایران کو انتہائی سخت نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا اور پھر آبنائے ہرمز ہر صورت کھول دی جائے گی۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر ایران ایک بار پھر معاہدے سے پیچھے ہٹا تو اسے انتہائی سخت حملے کا سامنا کرنا پڑے گا، ایرانی اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ ٹرمپ نے یہ بھی کہا کہ اگر ہم وہ اقدامات نہ کر رہے ہوتے جو اس وقت کر رہے ہیں تو ایران مذاکرات پر آمادہ نہ ہوتا، ہم نے اسے بہت سخت نقصان پہنچایا ہے، تاہم اصل سخت کارروائی ابھی باقی ہے اور مجھے امید ہے کہ ہمیں اس کا سہارا نہیں لینا پڑے گا۔

### امریکی وزیر خارجہ کا آبنائے ہرمز پر مذاکرات میں پیش رفت کا دعویٰ

واشنگٹن، 5 اگست (یو این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو کھولنے کے حوالے سے ایران کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں پیش رفت ہوئی ہے، جلد معاہدہ طے پا جائے گا۔ عرب ٹی وی نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھولنے کا اعلان چند گھنٹوں میں متوقع ہے۔ قبل ازیں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ آبنائے ہُرمُز کھلی ہے، کچھ جہاز وہاں سے گزر بھی رہے ہیں۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امریکہ ایک ایسے معاہدے پر کام کر رہا ہے جس سے مزید جہاز آبنائے سے گزر سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کا جوہری ہتھیاروں سے پاک ہونا ہی حتمی معاہدہ ہوگا۔

# بنگلہ دیش میں اصلاحات کی رفتار پر سوالیہ نشان

## دو برس بعد بھی طلبہ تحریک کے وعدے ادھورے، سیاسی اختلافات میں اضافہ



ڈھاکہ۔ 5/ اگست۔ ایم این این۔ شیخ حسینہ کی تقریباً 16 سالہ حکومت کے خاتمے کا سبب بننے والی طلبہ تحریک کے دو سال بعد بنگلہ دیش میں اصلاحات کی رفتار پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ناقدین کا کہنا ہے کہ سیاسی اختلافات بڑھ رہے ہیں جبکہ کئی اہم ادارہ جاتی اور آئینی اصلاحات تعطل کا شکار ہیں۔ 2024 کی عوامی تحریک کے بعد محمد یونس کی سربراہی میں قائم عبوری حکومت نے ملک کے سیاسی اور ریاستی نظام میں وسیع اصلاحات کا عمل شروع کیا تھا۔ اس مقصد کے لیے "جولائی چارٹر" تیار کیا گیا، جس میں وزیر اعظم کے عہدے کی مدت محدود کرنے، پارلیمان کا ایوان بالا قائم کرنے، صدر کے اختیارات بڑھانے اور عدلیہ کی آزادی مضبوط بنانے سمیت متعدد تجاویز شامل تھیں۔ فروری 2026 میں ہونے والے ریفرنڈم میں تقریباً 70 فیصد ووٹرز نے جولائی چارٹر کی حمایت کی۔ اسی دوران ہونے والے عام انتخابات میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) نے واضح اکثریت حاصل کی، تاہم ناقدین کا کہنا ہے کہ اقتدار میں آنے کے بعد حکومت نے انتخاب سے قبل کیے گئے کئی اصلاحاتی وعدوں پر عمل نہیں کیا۔ عبوری حکومت نے اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت 133 آرڈیننس جاری کیے تھے، لیکن نئی حکومت نے ان میں سے 20 کو اختیار نہیں کیا۔ ان میں قومی انسانی حقوق کمیشن، انسداد بدعنوانی کمیشن، جبری گمشدگیوں اور ریفرنڈم سے متعلق اقدامات بھی شامل ہیں۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ آئینی اور ادارہ جاتی تبدیلیاں مناسب پارلیمانی اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے ہونی چاہئیں۔ سیاسی جماعتوں کے درمیان جولائی چارٹر کے نفاذ پر بھی اختلافات برقرار ہیں۔ طلبہ تحریک سے ابھرنے والی نیشنل سٹیزن پارٹی کے رہنماؤں نے الزام عائد کیا ہے کہ حکومت اصلاحات کے وعدوں سے پیچھے ہٹ رہی ہے اور ملک کو دوبارہ پرانے سیاسی نظام کی طرف لے جا رہی ہے۔ جبری گمشدگیوں کا معاملہ بھی تشویش کا باعث بنا ہوا ہے۔ عبوری حکومت کے قائم کردہ کمیشن کو 913,1 شکایات موصول ہوئیں، جن میں سے 569,1 کو جبری گمشدگی کے واقعات کے طور پر تصدیق کیا گیا۔ مستقبل میں ایسے واقعات روکنے کے لیے بنگلہ دیش نے اگست 2024 میں جبری گمشدگیوں کے خلاف اقوام متحدہ کے کنونشن پر دستخط بھی کیے تھے۔ تاہم جولائی 2026 میں حکومت کی جانب سے پیش کیے گئے نئے مسودۂ قانون پر ناقدین نے اعتراض کیا ہے، خصوصاً اس تجویز پر جس کے تحت جبری گمشدگیوں کے الزامات کی تحقیقات پولیس کو سونپی جا سکتی ہیں۔ انسانی حقوق کے حلقوں کا کہنا ہے کہ اس سے احتساب کا نظام کمزور ہونے کا خدشہ ہے۔ دوسری جانب شیخ حسینہ اب بھی بنگلہ دیش کی سیاست میں ایک اہم عنصر بنی ہوئی ہیں۔ ان کی عوامی لیگ اور اس سے وابستہ تنظیموں پر پابندی ہے اور انہیں فروری کے انتخابات میں حصہ لینے کی اجازت نہیں دی گئی تھی۔ حسینہ اس وقت بھارت میں ہیں اور دسمبر میں بنگلہ دیش واپس آنے کا ارادہ ظاہر کر چکی ہیں۔

### امریکہ میں خطرناک وباء سائیکلوسپورا سے 2 اموات، ہزاروں افراد متاثر

مشی گن، 5 اگست (یو این آئی) امریکی ریاست مشی گن میں خوراک سے پھیلنے والی سائیکلوسپورا کی وباء سے 2 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہو گئی۔ امریکہ کے محکمۂ صحت کے مطابق سائیکلوسپورا کی وباء سے ہلاک ہونے والے دونوں افراد پہلے سے سنگین بیماریوں میں مبتلا تھے، سائیکلوسپورا انفیکشن اور شدید پانی کی کمی ان کی موت کا سبب بنے۔ ریاست مشی گن میں 11 ہزار 234 مشتبہ اور تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 193 ہے جبکہ پورے امریکہ میں 6 ہزار 700 سے زائد تصدیق شدہ اور 500,11 سے زیادہ مشتبہ کیسز زیرِ تحقیقات ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ بیماری ایک خردبینی جاندار (microscopic parasite) کے باعث ہوتی ہے جو آلودہ خوراک یا پانی کے ذریعے جسم میں داخل ہوتا ہے۔ ابتدائی تحقیقات میں آلودہ سلاد کے پتے اور دیگر تازہ سبزیوں کو ممکنہ ذریعہ قرار دیا گیا ہے تاہم حتمی وجہ تاحال سامنے نہیں آ سکی۔ سائیکلوسپورا انفیکشن کی عام علامات میں مسلسل یا شدید دست، متلی، قے، پیٹ میں درد، اپھارہ، بھوک میں کمی، تھکن، ہلکا بخار اور وزن میں کمی شامل ہے۔ بروقت علاج نہ ہونے پر شدید پانی کی کمی جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے، یہ وباء بزرگ افراد، کمزور مدافعتی نظام رکھنے والے مریضوں اور دائمی بیماریوں میں مبتلا افراد کے لیے زیادہ خطرناک قرار دی جا رہی ہے۔ امریکی محکمۂ صحت کے حکام کے مطابق وباء کے اصل ذرائع کی تلاش جاری ہے۔ امریکی حکام نے شہریوں کو پھل اور سبزیاں اچھی طرح دھونے، فلٹر کا پانی استعمال کرنے، ہاتھوں کی صفائی کا خیال رکھنے اور مسلسل دست یا پانی کی کمی کی صورت میں فوری طبی امداد حاصل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

### لبنان: 8 لاکھ بے گھر افراد کی گھروں کو واپسی، جنوبی علاقوں میں تباہی برقرار

بیروت، 5 اگست (یو این آئی) لبنان میں جنگ کے باعث بے گھر ہونے والے 8 لاکھ سے زائد افراد اپنے آبائی علاقوں کو واپس لوٹنا شروع ہو گئے ہیں۔ اقوامِ متحدہ کے مطابق ابھی بھی لبنان میں 3 لاکھ 60 ہزار سے زائد افراد بے گھر ہیں جن میں تقریباً 26 ہزار سرکاری پناہ گاہوں میں مقیم ہیں۔ اقوامِ متحدہ کے انسانی امدادی ادارے کا کہنا ہے کہ جنگ میں پانی اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچنے کے باعث جنوبی لبنان میں 7 لاکھ سے زائد افراد کی صاف پانی تک رسائی متاثر ہوئی ہے۔ اسرائیلی حملوں میں اب تک 4 ہزار 300 سے زائد افراد شہید جبکہ 10 لاکھ سے زائد بے گھر ہو چکے ہیں۔ جنوبی دیہات میں تباہی کا سلسلہ بدستور جاری ہے اور اسرائیلی فوج علاقے کے ایک بڑے حصے پر قابض ہے۔

# خطاب، خطیب اور ان کے اعجازی القاب



ڈاکٹر شجاعت حسین
4/771، فرینڈز کالونی، علی گڑھ
موبائل 7060888223

سرزمین ہند میں 1387 ویں شہادتیں حضرت امام حسین علیہ السلام اور آپ کے اصحاب و انصار بڑے غم، احترام اور عقیدت سے منائی گئی جس میں عشرہ محرم، عشرہ اربعین، عشرہ زینبیہ، اور عشرہ عباسیہ توجہ کے مراکز ہیں۔ ان پروگراموں کے لیے خطاب اور خطیب کا اہم کردار ہوتا ہے۔ ان سب پروگراموں کو منزل مقصود تک پہنچانے کے لیے جو خطباء منبر افروز ہونے کے لیے مدعو کیے جاتے ہیں ان کے علم، عمل، خطاب کے طور طریقے اور سلیقے کے مطابق انھیں اعجازی القاب سے نوازے جاتے ہیں اور اسی سے معروف ہوتے ہیں۔

اس کی روایات سینکڑوں سال پرانی ہے۔ مشہور و معروف القابات میں حکیم امت، آفتاب شریعت، فخر ملت، امیر العلماء، سید العلماء، لسان القوم، خطیب اعظم، اور خطیب اکبر وغیرہ۔

علاوہ ازیں، جید علمائے کرام اسلام و جلیل القدر خطباء کی خدمات کے اعتراف میں اعجازی القاب سے نوازے گ*۔ جیسے عماد الاسلام، علامہ الہند، سلطان العلماء، بحر العلوم، شمس العلماء، مفسر قرآن، صدر الفاضل، ممتاز العلماء، مبلغ السلام، حجت الاسلام، آیت اللہ، علامہ وغیرہ مخصوص خصوصیات کے حامل ہیں۔

کیا عزادار، سامعین، اور بانیان مجالس ان اعجازی القاب، خطابات، خطباء، مقررین اور واعظین وغیرہ کی خصوصیات، کمالات اور عزاداری کے فروغ و تحفظات میں کس قدر قربانیاں، جانفشانیاں اور تعاون ہیں۔ ان پر کبھی تو غور و فکر کر لیا کریں۔

عوام، مومنین، سامعین، حاضرین، ناظرین، مصلّی یا عزاداران کربلا سے ہم کلام ہونے کا نام خطابت ہے۔ اس فن کا نام جس کا مقصود و سطح عوام سے خطاب کرنا ہے، صرف خطاب ہی کرنا مقصد نہیں ہوتا بلکہ اُن کے دل و دماغ میں اپنی غایت و منشاء ڈالنا ہوتا ہے گویا قلب کو منور، زندگی کی راہوں کو ہموار، مستقبل کو روشن اور آخرت کی حصولیابی کے لئے معاون بنانا ہوتا ہے۔

خطابت میں ترغیب و ترتیب دونوں ہیں لیکن خطابت زبان، بیان اور علم و عمل کا اعجاز ہے۔ خطیب میں تخلیقی جوہر ہوتا ہے۔ جو کچھ وہ کہتے ہیں، جس انداز سے کہتے ہیں اور جس گہرائی و گیرائی سے بولتے ہیں، ایک جادو کی طرح دل و دماغ مبہوت و مسحور ہو جاتے ہیں۔ ان کے الفاظ و معانی وہی ہوتے ہیں جو زبان کا خزینہ اور لغت کا سفینہ ہوتے ہیں۔

خطیب کی ایک اہم خصوصیت و حسن یہی ہے کہ جب وہ بولتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ دماغوں سے اُٹھا کر اتار دیا ہے۔ سامعین، حاضرین و ناظرین کو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا گمشدہ متاع مل رہی ہے اور وہ ان جواہر پاروں سے دامن بھر رہے ہیں جن کی تلاش ضرورت میں تھے گویا خوف و عشقِ خدا اور مودت محمدؐ اور آل اطہار علیہم السلام دلوں کو سیراب و زرخیز کر رہے ہیں۔

اعجازی القاب کے معنی و مفہوم: اعجازی القاب سے مراد ایسے خطابات یا نام ہیں جو معجزہ نما، حیرت انگیز، یا عقل کو دنگ کر دینے والی خوبیوں اور کارناموں کی عکاسی کریں۔ لغت میں "اعجاز" کا مادہ عجز سے ہے، جس کے معنی عاجز کر دینے والا، کمالِ فصاحت یا ایسا فعل ظاہر کرنا جس کا مثل پیش کرنے سے دوسرے قاصر ہوں (معجزہ)۔

یہ بھی سمجھنا ضروری ہے کہ خطبا (خطیب)، واعظین (وعظ کرنے والے) اور مقررین (تقریر کرنے والے) کی اقسام ان کے اندازِ بیان، موضوعات اور مقاصد کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ ان کی اہم اقسام درج ذیل ہیں: خطبا کی اقسام (موضوعاتی اور دینی اعتبار سے) دینی و مذہبی خطیب: جو جمعہ، عیدین اور مساجد میں اصلاحی، ایمانی اور فقہی احکام پر بیان کرتے ہیں۔ سیاسی خطیب بھی ہوتے ہیں جو جلسوں اور اجتماعات میں سیاسی نظریات، حب الوطنی اور حکومت پر تنقید یا تحسین کے لیے بولتے ہیں۔ ایسے بھی خطیب ہوتے ہیں جیسے جارحانہ یا جوش دلانے والا خطیب جن کی آواز اور الفاظ میں طلاقت، جلال اور مجمع کو گرمانے کی زبردست صلاحیت ہوتی ہے۔

تحلیلی یا فکری خطیب جو جذبات کی بجائے دلائل، اعداد و شمار اور گہرے فکری نکات پر بات کرتے ہیں۔ واعظین کی اقسام (اصلاحی اور روحانی اعتبار سے) اخلاقی و اصلاحی واعظ جو لوگوں کے کردار، عادات، اخلاقِ حسنہ اور تقویٰ کی درستی پر زور دیتے ہیں۔ ترغیب و تہیب والے واعظ جو جنت کی نعمتوں کا شوق اور جہنم کے عذاب کا خوف دلاتے ہیں۔ تصوف و روحانیت کے واعظ جو باطنی صفائی، ذکر الٰہی، محبتِ خدا اور تزکیۂ نفس کی باتیں کرتے ہیں۔ تمثیلی واعظ: جو وعظ میں حکایات، تاریخی واقعات اور مثالیں دے کر بات سمجھاتے ہیں۔

محض مجلس میں شرکت سے کچھ حاصل نہیں ہونے والا ہے۔

مقررین کی اقسام (میدان اور فن کے لحاظ سے) علمی و تعلیمی مقرر: جو جامعات، سیمینارز اور علمی مجالس میں تحقیقی مقالے اور لیکچرز پیش کرتے ہیں۔ ترغیباتی مقرر: جو لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، امید جگاتے ہیں اور زندگی میں آگے بڑھنے کا ہنر سکھاتے ہیں۔ رزمیہ یا انقلابی مقرر: جو تحریکوں، آزادی کی جنگوں یا انقلابی اجتماعات میں جوش پیدا کرتے ہیں۔ ظریفانہ مقرر: جو سنجیدہ محافل میں ہلکے پھلکے مزاح اور شگفتہ بیانی سے کام لیتے ہیں۔

کربلا اور امام حسین علیہ السلام کے واقعے پر خطاب کرنے والے علماء یا خطباء (مولانا) کے انداز، فکر اور منہج کی بنیاد پر مختلف اقسام ہوتے ہیں، جو اپنے اپنے مکتبۂ فکر اور اسلوب کے مطابق اس موضوع کو بیان کرتے ہیں۔

خطبائے کربلا کی اہم اقسام تاریخی و روایتی خطباء: یہ حضرات واقعہ کربلا کے تاریخی پس منظر، سن و سال، لشکروں کی تفصیل اور میدانِ جنگ کے حالات کو ہو بہو بیان کرنے پر زور دیتے ہیں۔ تحلیلی و فکری خطباء: یہ کربلا کو محض ایک تاریخی واقعہ کے بجائے ایک عظیم تحریک اور فکری انقلاب کے طور پر پیش کرتے ہیں، جس کا مقصد ظلم کے خلاف کھڑا ہونا ہے۔ اصلاحی و اخلاقی خطباء: یہ خطباء شہدائے کربلا کے صبر، استقامت، نماز، تقویٰ اور اخلاقی اقدار کو اجاگر کر کے سامعین کی ذاتی اور معاشرتی اصلاح کا درس دیتے ہیں۔ سیاسی و انقلابی خطباء: یہ کربلا کے واقعے کو استبداد، آمریت اور ظالم حکمرانوں کے خلاف برسرِ پیکار ہونے کی ایک سیاسی علامت اور درسِ حریت کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

لکھنؤ کے جلیل القدر علما، مولوی اور مولانا حضرات کو ان کی علمی خدمات، فقہی مہارت اور دینی مقام کی مناسبت سے خصوصی القابات اور خطاب سے نوازا گیا۔ لکھنؤ کی تاریخی و علمی شخصیات کے چند مشہور اور معروف القابات درج ذیل ہیں: مشہور علمی و فقہی القابات غفران مآب: یہ لقب برصغیر کے ممتاز شیعہ مجتہد اور عالم آیت اللہ سید دلدار علی نقوی کو دیا گیا۔ سلطان العلماء: یہ لقب آیت اللہ سید محمد (فرزند غفران مآب) کے لیے استعمال ہوا۔ بحر العلوم: یہ عظیم علمی لقب مولانا عبد العلی لکھنوی (فرزندِ مولانا نظام الدین سہالوی، بانی درسِ نظامی) کو ملا۔ علامہ الہند و فخر المتاخرین: یہ القابات محدثِ کبیر مولانا ابو الحسنات عبد الحئی لکھنوی کو دیے گئے۔ عماد الاسلام: یہ لقب مولانا سید ابوجعفر نقوی کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ بدر العلماء: یہ لقب مولانا سید علی اکبر کو دیا گیا۔ صدر الافاضل / فاضل لکھنوی: یہ لقب نامور محقق اور مفسر مولانا سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی کے لیے معروف ہے۔ ممتاز العلماء: یہ لقب جید عالم آیت اللہ سید ابو الحسن نقوی لکھنوی کو ملا۔

شیعہ روایات اور برصغیر کی عزاداری و مجالس میں خطباء، ذاکرین اور مبلغین کو ان کی خدمات، علمی مقام اور اندازِ بیان کے لحاظ سے مختلف احتراماتی القاب اور خطابات سے یاد کیا جاتا ہے۔ عمومی و خصوصی القاب خطیبِ آلِ محمد (ص): وہ مبلغ جو اہلبیتؑ کے فضائل و مصائب اور ان کے علوم کو بیان کرنے میں مہارت رکھتا ہو۔ خطیبِ اعظم: کسی خطیب کو ان کی جلیل القدر خدمات اور بلند علمی مقام کی وجہ سے اس اعزازی لقب سے نوازا جاتا ہے (جیسے برصغیر میں علامہ سید غلام عسکری یا سید محمد دہلوی)۔ مبلغِ اسلام: وہ خطیب جو دین کی ترویج اور احکام الٰہی کی تبلیغ میں نمایاں کردار ادا کرتا ہو۔ ذاکرِ اہلبیتؑ: وہ شخصیت جو مجالسِ عزا میں امام حسینؑ کا ذکر، مصائب اور فضائل پیش کرتی ہو۔ علامہ / حجت الاسلام: جو خطباء حوزہ علمیہ یا دینی درسگاہوں سے فارغ التحصیل ہوں اور اجتہاد یا درسِ خارج کے درجے تک علمی قابلیت رکھتے ہوں۔

دورِ جدید میں برصغیر پاک و ہند کے شیعہ خطبا اور مقررین کے لیے ان کی علمی خدمات، خطابت کے اسلوب اور ترویجِ دین کے تناظر میں مختلف باوقار القاب استعمال کیے جاتے ہیں۔ یہ القاب ان کے مقام اور عوام میں ان کی مقبولیت کا پتہ دیتے ہیں۔ اہم علمی و دینی القاب آیت اللہ/ حجۃ ال اسلام: یہ حوزاتِ علمیہ سے فارغ التحصیل اور اجتہاد یا درسِ خارج کے درجے پر فائز یا جید عالمِ دین مقررین کے لیے بولا جاتا ہے۔ علامہ: یہ لقب ان خطبا کو دیا جاتا ہے جو علومِ اسلامی، تفسیر، تاریخ اور فلسفے پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ خطیبِ اہل بیتؑ: یہ خطابت کے میدان میں نمایاں خدمات انجام دینے والے ہر معروف مقرر کے لیے بولا جاتا ہے۔ اسلوب اور مقبولیت کی بنیاد پر القاب مبلغِ اسلام: دینِ مبین کی تبلیغ اور مکتبِ اہل بیتؑ کے پیغام کو عام کرنے والے مقررین کا لقب۔ پاسبانِ عزا / سفیرِ عزا: مجلسِ عزا اور عزاداریِ امام حسینؑ کی ترویج اور تحفظ کے لیے سرگرم خطبا کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ زبانِ اہل بیتؑ: یہ لقب ایسے فصیح و بلیغ خطبا کو دیا جاتا ہے جن کا بیان دلنشین اور مستند دلائل پر مبنی ہو۔

عام خطیب اور جید علماء میں موازنہ: خطیب (اچھے اور مؤثر انداز میں بیان کرنے والے) اور جید علمائے دین کو ان کی علمی صلاحیتوں، خطابت کی خوبصورتی اور خدمات کے اعتراف میں تاریخی اور روایتی طور پر مختلف اعزازی القاب سے یاد کیا جاتا ہے۔ ان میں سے چند اہم اور معروف القاب درج ذیل ہیں: معروف خطیبانہ اور علمی القاب خطیبِ اسلام: اسلام کے پیغام کو عام کرنے اور شاندار خطابت پر یہ لقب دیا جاتا ہے۔ بلبلِ باغِ مدحت: بالخصوص نعت یا سیرتِ رسول ﷺ پر بہترین انداز میں بیان کرنے والے کے لیے۔ خطیبِ پاکستان/ خطیبِ ہند: کسی خطیب کی ملکی یا علاقائی سطح پر خدمات اور شہرت کے پیشِ نظر۔ فخرِ خطباء: خطابت کے میدان میں امتیازی حیثیت رکھنے والے کے لیے۔ مبلغِ اسلام: اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں نمایاں کردار ادا کرنے والے۔ شیخ القراء/ شیخ الوعاظ: وعظ و نصیحت اور قرأت و تلاوت کے ماہرین کے لیے۔ عمومی دینی و علمی القاب جو خطباء کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں خطیبِ اعظم: انتہائی جلیل القدر اور بلند پایہ خطیب کے لیے۔ مفسرِ قرآن: قرآن مجید کی تشریح و بیان میں مہارت رکھنے والے خطیب۔ شمس العلماء / زبدۃ العلماء: علم و فضل کی بلندی ظاہر کرنے والے روایتی خطابات۔

---

# ڈیجیٹل دور میں مسلم بیٹی کا وقار: حیا، کردار اور ذمّہ دارانہ اظہار کا سفر

مسعود محبوب خان (ممبئی)
09422724040

اسلام نے عورت کو محض ایک جسم یا نمائش کی چیز نہیں، بلکہ عزّت، وقار، حیا، کردار اور عظمت کا پیکر قرار دیا ہے۔ ایک مسلمان بیٹی صرف ایک فرد نہیں ہوتی، بلکہ وہ اپنے خاندان کی تربیت، اپنی تہذیب کی نمائندہ اور اپنی اُمّت کے اخلاقی مستقبل کی امین ہوتی ہے۔ اس کی شخصیت، کردار، گفتگو، لباس، طرزِ زندگی اور معاشرتی رویّے میں ایک پوری تہذیب کی جھلک نمایاں ہوتی ہے۔ اسی لیے اسلام نے عورت کو ایسا مقام عطا کیا ہے جہاں اس کی اصل قدر اس کے اخلاق، علم، تقویٰ اور کردار سے متعین ہوتی ہے، نہ کہ اس کی ظاہری نمائش یا وقتی شہرت سے۔ عصرِ حاضر میں سوشل میڈیا اظہارِ رائے اور ابلاغ کا ایک موثر اور طاقتور ذریعہ بن چکا ہے۔ اس کے ذریعے علم و حکمت کو فروغ دیا جا سکتا ہے، دعوتِ دین کا پیغام عام کیا جا سکتا ہے، تعلیم و تربیت میں معاونت کی جا سکتی ہے اور ہنر، صلاحیت اور مثبت افکار کو دنیا تک پہنچایا جا سکتا ہے۔

لیکن جب یہی ذریعہ خود نمائی، شہرت پسندی، فحاشیت، بے حیائی اور اخلاقی حدود سے تجاوز کا وسیلہ بن جائے تو یہ نہ صرف فردکی شخصیت کو متاثر کرتا ہے بلکہ پورے معاشرے کی اخلاقی بنیادوں کو بھی کمزور کر دیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسئلہ صرف چند ویڈیوز، تصاویر یا ریلز کا نہیں، بلکہ اس سوچ اور ذہنیت کا ہے جس میں انسان اپنی قدر و قیمت کو دوسروں کی توجہ، لائکس، ویوز، تبصروں اور فالوورز کی تعداد سے ناپنے لگتا ہے۔ جب عزّت کا معیار کردار کے بجائے مقبولیت، اور حیا کی جگہ نمائش لے لے، تو شخصیت کی تعمیر کے بجائے اس کی تدریجی شکست و ریخت شروع ہو جاتی ہے۔ یہی وہ فکری اور اخلاقی بحران ہے جو فرد سے بڑھ کر خاندان، معاشرے اور پوری اُمّت کے اجتماعی کردار کو متاثر کرتا ہے۔

عصرِ حاضر میں سوشل میڈیا پر مختصر ویڈیوز اور ریلز کا رجحان غیر معمولی تیزی سے فروغ پا رہا ہے۔ یہ ایک ایسا پلیٹ فارم ہے جہاں علم، ہنر، مثبت فکر اور تعمیری پیغام کو وسیع پیمانے پر پہنچایا جا سکتا ہے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس کے ساتھ ایک ایسا رجحان بھی پروان چڑھا ہے جس میں اظہارِ صلاحیت کے بجائے خود نمائی، شہرت پسندی اور توجہ حاصل کرنے کی خواہش نمایاں ہوتی جا رہی ہے۔ بہت سی مسلم بیٹیاں بھی شعوری یا غیر شعوری طور پر اس دوڑ کا حصّہ بنتی جا رہی ہیں، جہاں مقصد اپنی علمی، اخلاقی یا فکری صلاحیتوں کو اجاگر کرنا نہیں، بلکہ اپنی شخصیت، انداز، لباس اور ظاہری کشش کو دوسروں کی نگاہوں کا مرکز بنانا بن جاتا ہے۔ یہاں ایک بنیادی اور نہایت اہم سوال ہمارے سامنے آتا ہے: کیا انسان کی حقیقی قدر و منزلت اس کے چہرے، لباس اور ظاہری انداز سے متعین ہوتی ہے، یا پھر اس کے علم، کردار، اخلاق، حیا اور عملی زندگی سے؟

اسلام انسان کو ظاہری صفائی اور حسن کے ساتھ باطنی پاکیزگی، اخلاقی بلندی اور کردار کی عظمت کی بھی تعلیم دیتا ہے۔ خوبصورتی اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت ہے اور اپنی اصل میں قابلِ احترام ہے، لیکن جب یہی نعمت شہرت، تحسین اور غیر ضروری توجہ حاصل کرنے کا ذریعہ بن جائے، اور شخصیت کو ایک نمائش کی شے بنا کر پیش کیا جانے لگے، تو عزّتِ نفس، وقار اور حیا کے وہ اعلیٰ اقدار بتدریج متاثر ہونے لگتے ہیں جنھیں اسلام نے ایک مسلمان عورت کا حقیقی زیور قرار دیا ہے۔ اسی لیے ضروری ہے کہ سوشل میڈیا کو مقصدِ حیات نہ بنایا جائے بلکہ اسے خیر، علم، دعوت، اخلاق اور مثبت کردار کے فروغ کا ذریعہ بنایا جائے، تاکہ انسان کی پہچان اس کی ظاہری نمائش سے نہیں بلکہ اس کے کردار، حیا، علم اور معاشرے کے لیے اس کے مثبت کردار سے قائم ہو۔

موجودہ دور میں عالمی میڈیا اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز نے ایک ایسی ثقافت کو فروغ دیا ہے جس میں جسمانی نمائش کو آزادی، خود اعتمادی اور جدیدیت کی علامت کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، جب کہ حیا، عفت اور اخلاقی حدود کی پاسداری کو بعض اوقات فرسودہ یا پسماندہ سوچ قرار دیا جاتا ہے۔ یہ طرزِ فکر نہ صرف انسانی اقدار کو مسخ کرتا ہے بلکہ انسان کی اصل قدر و منزلت کو بھی ظاہری کشش اور وقتی مقبولیت تک محدود کر دیتا ہے۔ مسلمان عورت کا تصورِ شخصیت اس نظریے سے یکسر مختلف ہے۔ اسلام نے عورت کو پردے، حیا اور عفت کے ذریعے محدود نہیں کیا، بلکہ اسے عزّت، وقار، تحفظ اور احترام کی مضبوط بنیادیں عطا کی ہیں۔

اسلامی تعلیمات میں حیا محض لباس تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک جامع اخلاقی وصف ہے جو انسان کی نگاہ، گفتگو، طرزِ فکر، نشست و برخاست، برتاؤ اور مجموعی طرزِ زندگی میں نمایاں ہوتا ہے۔ یہی حیا انسان کے کردار کو وقار بخشتی اور معاشرے کو اخلاقی پاکیزگی عطا کرتی ہے۔ جب کوئی شخص اپنی شناخت اور مقبولیت کو دوسروں کی توجہ، تحسین اور داد و تحسین سے وابستہ کر لیتا ہے، اور خود کو محض نگاہوں کا مرکز بنانے کے لیے پیش کرتا ہے، تو رفتہ رفتہ اس کی شخصیت کا محور کردار، علم اور اخلاق کے بجائے ظاہری قبولیت اور وقتی شہرت بن جاتا ہے۔ یہی تبدیلی فرد کے اخلاقی توازن کو متاثر کرتی ہے اور بالآخر معاشرے میں ان اقدار کو کمزور کر دیتی ہے جن پر پاکیزہ، باوقار اور مہذب تہذیب کی بنیاد قائم ہوتی ہے۔

وقت اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ انمول نعمتوں میں سے ایک ہے۔ یہی وہ سرمایہ ہے جس سے انسان اپنی شخصیت کی تعمیر، علم کے حصول، کردار کی پختگی، عبادت، خدمتِ خلق اور زندگی کے اعلیٰ مقاصد کی تکمیل کرتا ہے۔ کامیاب اور باکردار افراد وقت کی قدر کو سمجھتے ہیں اور ہر لمحے کو اپنی فکری، علمی اور اخلاقی ترقی کا ذریعہ بناتے ہیں، جب کہ بے مقصد مشاغل اور غیر ضروری مصروفیات رفتہ رفتہ انسان کی صلاحیتوں کو زائل کر دیتی ہیں اور اسے اپنے حقیقی مقصدِ حیات سے غافل کر دیتی ہیں۔

سوشل میڈیا اپنی اصل میں ایک مفید ذریعۂ ابلاغ ہے، لیکن اس کا غیر متوازن اور بے مقصد استعمال وقت کے ضیاع کا ایک بڑا سبب بن سکتا ہے۔ مسلسل ریلز، مختصر ویڈیوز اور غیر ضروری مواد میں گھنٹوں مصروف رہنا نہ صرف قیمتی وقت کو ضائع کرتا ہے بلکہ انسان کی علمی اور فکری نشوونما کو بھی متاثر کرتا ہے۔ اس کے نتیجے میں مطالعے کا ذوق کمزور پڑنے لگتا ہے، یکسوئی اور توجہ منتشر ہو جاتی ہے، تخلیقی صلاحیتیں ماند پڑ جاتی ہیں اور زندگی کے تعمیری اہداف پسِ منظر میں چلے جاتے ہیں۔ بالخصوص نوجوان نسل کے لیے یہ رجحان اس بات کا باعث بن سکتا ہے کہ وہ اپنی حقیقی ذمّہ داریوں اور مقصدِ زندگی سے بتدریج دور ہوتی چلی جائے۔

ایک مسلمان بیٹی کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی قیمتی صلاحیتوں، توانائیوں اور وقت کو ایسے کاموں میں صرف کرے جو اس کی دنیا و آخرت دونوں کے لیے نفع بخش ہوں۔ علم و تعلیم کا حصول، ہنر کی ترقی، مطالعہ و تحقیق، کردار سازی، خاندان کی خدمت، معاشرے کی اصلاح اور امت کی فکری و اخلاقی تعمیر ایسے میدان ہیں جہاں اس کی صلاحیتیں حقیقی معنوں میں پروان چڑھ سکتی ہیں۔ یہی وہ راستہ ہے جو شخصیت کو وقار عطا کرتا ہے، وقت کو بابرکت بناتا ہے اور انسان کو اپنے ربّ کی رضا اور معاشرے کی حقیقی خدمت کے قریب لے جاتا ہے۔

انسان اللہ تعالیٰ کی بہترین تخلیق اور اشرف المخلوقات ہے۔ اس کی عزّت، وقار اور شخصیت کسی تجارتی شے یا نمائش کی چیز نہیں کہ اسے لوگوں کی پسند و ناپسند، لائکس، ویوز اور تبصروں کے ترازو میں تولا جائے۔ افسوس کہ سوشل میڈیا کے غیر متوازن اور بے احتیاط استعمال نے بعض افراد خصوصاً نوجوانوں کو اس ذہنیت کی طرف دھکیل دیا ہے کہ وہ اپنی ذات، شخصیت اور نجی زندگی کو دوسروں کی توجہ حاصل کرنے کا ذریعہ بنا لیں۔ یہ طرزِ عمل بتدریج انسان کی فکری، اخلاقی اور نفسیاتی شخصیت پر منفی اثرات مرتب کرتا ہے۔ خود اعتمادی اللہ تعالیٰ کی رضا، کردار کی مضبوطی اور حقیقی صلاحیتوں کے بجائے وقتی تعریفوں اور ظاہری پذیرائی کی محتاج بن جاتی ہے۔

انسان حقیقت کے بجائے ایک مصنوعی زندگی اختیار کرنے لگتا ہے، جہاں اصل کردار سے زیادہ تصویر، اندازِ نمائش اور ظاہری کشش کو اہمیت دی جاتی ہے۔ یوں شخصیت کی گہرائی، علم کی سنجیدگی اور اخلاق کی پختگی پسِ منظر میں چلی جاتی ہے، جب کہ ظاہری نمائش ہی کامیابی کا معیار بن جاتی ہے۔ مسلمان بیٹی کی حقیقی عظمت اس بات میں نہیں کہ اسے کتنے لوگ دیکھتے ہیں یا اس کی تصاویر اور ویڈیوز کو کتنی پذیرائی حاصل ہوتی ہے، بلکہ اس کا اصل وقار اس میں ہے کہ اس کے علم، حیا، کردار، تقویٰ اور اخلاق سے کتنے دل روشن ہوتے ہیں، کتنے انسانوں کی اصلاح ہوتی ہے اور کتنے لوگوں کو خیر اور بھلائی کا راستہ ملتا ہے۔ اسلام عورت کو نمائش کا ذریعہ نہیں بلکہ عزّت، وقار، حیا اور معاشرے کی اخلاقی تعمیر کا عظیم سرمایہ قرار دیتا ہے۔

وقار انسان کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے۔ دولت، شہرت اور مقبولیت عارضی نعمتیں ہیں، مگر عزّت، کردار، پاکیزگی، سیرت اور نیک نامی وہ دولت ہے جو انسان کو زندگی میں بھی سربلند رکھتی ہے اور وفات کے بعد بھی اسے عزّت و احترام سے یاد کیا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام نے انسان کی عزت، حیا اور وقار کی حفاظت کو غیر معمولی اہمیت دی ہے۔ سوشل میڈیا پر کی جانے والی ہر سرگرمی محض ایک لمحاتی عمل نہیں ہوتی، بلکہ اکثر وہ مستقل ریکارڈ کا حصّہ بن جاتی ہے۔ بسا اوقات چند لمحوں کی جذباتی نمائش، وقتی شہرت یا توجہ حاصل کرنے کی خواہش مستقبل میں ندامت، بدنامی اور پشیمانی کا سبب بن جاتی ہے۔ جو چیز آج تفریح یا مقبولیت محسوس ہوتی ہے، وہ کل انسان کی عزّت، سماجی حیثیت اور اعتماد کو مجروح کر سکتی ہے۔



ایک باشعور اور دور اندیش انسان ہر قدم اٹھانے سے پہلے خود سے یہ سوال کرتا ہے: کیا میرا یہ عمل میرے وقار میں اضافہ کرے گا یا اسے مجروح کرے گا؟ کیا اس سے میرے والدین، خاندان اور معاشرے کا سر فخر سے بلند ہوگا یا شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا؟ اور سب سے بڑھ کر، کیا میں اس عمل کو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کرنے میں مطمئن ہوں گا؟ مسلمان بیٹی کا حقیقی حسن اس کی ظاہری نمائش میں نہیں، بلکہ اس کے حیا، وقار، کردار، علم اور تقویٰ میں ہے۔ یہی اوصاف اسے دنیا میں عزّت، معاشرے میں احترام اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کا ذریعہ بنتے ہیں۔

مسلمان کا کردار صرف اس کی ذات تک محدود نہیں رہتا، بلکہ اس کے افعال، اخلاق اور طرزِ زندگی کے ذریعے اسلام اور اُمّتِ مسلمہ کی ایک اجتماعی تصویر بھی دنیا کے سامنے آتی ہے۔ بہت سے لوگ اسلام کو اس کے ماننے والوں کے کردار سے پہچانتے ہیں؛ اس لیے ایک مسلمان کا ہر عمل محض ذاتی معاملہ نہیں، بلکہ وہ اپنی تہذیب، اپنے دین اور اپنی اُمّت کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ اسی احساس کے تحت ہر مسلمان مرد و عورت کو یہ شعور ہونا چاہیے کہ اس کی گفتگو، لباس، معاملات، رویّے اور سوشل میڈیا پر موجودگی بھی اسلام کی دعوت اور اس کے اخلاقی پیغام کی عکاسی کرتی ہے۔

اگر اس کے اعمال اعلیٰ اخلاق، حیا، وقار اور ذمّہ داری کا نمونہ ہوں تو یہ اسلام کا خوبصورت تعارف بنتے ہیں، اور اگر اس میں بے احتیاطی، بے مقصد نمائش یا اخلاقی کمزوری ہو تو اس کے منفی اثرات صرف فرد تک محدود نہیں رہتے بلکہ پوری اُمّت کی اجتماعی ساکھ کو متاثر کرتے ہیں۔ مسلمان بیٹی اگر علم، حیا، عفت، خدمتِ خلق، فکری و تخلیقی صلاحیتوں اور بلند کردار کا نمونہ بن جائے تو وہ نہ صرف اپنے خاندان کی عزّت اور معاشرے کی زینت بنتی ہے، بلکہ پوری اُمّتِ مسلمہ کے لیے امید، اعتماد اور خیر کا روشن پیغام بھی ثابت ہوتی ہے۔ یہی وہ کردار ہے جو آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بنتا ہے اور اسلام کی حقیقی تعلیمات کا عملی تعارف پیش کرتا ہے۔

یہ حقیقت پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ سوشل میڈیا بذاتِ خود نہ اچھا ہے اور نہ برا؛ یہ محض ایک طاقتور ذریعۂ ابلاغ ہے۔ اس کی افادیت یا نقصان کا انحصار اس بات پر ہے کہ اسے کس مقصد، کس نیت اور کس انداز سے استعمال کیا جاتا ہے۔ جس طرح ایک ہی زبان سے خیر کی بات بھی کی جا سکتی ہے اور شر بھی پھیلایا جا سکتا ہے، اسی طرح سوشل میڈیا بھی علم، اصلاح اور خیر کا وسیلہ بن سکتا ہے یا بے مقصد تفریح، اخلاقی انحطاط اور وقت کے ضیاع کا سبب بھی۔ مسلم بیٹی اگر اس پلیٹ فارم کو مثبت اور تعمیری مقاصد کے لیے استعمال کرے تو یہ اس کے لیے دعوت، خدمت اور اصلاح کا مؤثر ذریعہ بن سکتا ہے۔

وہ تعلیمی و تحقیقی مواد کی ترویج، دینی و اخلاقی شعور کی بیداری، مفید ہنر سکھانے، مثبت افکار و اقدار کے فروغ، خواتین کی رہنمائی، خاندان کی مضبوطی، معاشرتی مسائل کے حل اور انسانیت کی خدمت جیسے میدانوں میں قابلِ قدر کردار ادا کر سکتی ہے۔ اس طرح اس کی آن لائن موجودگی محض نمائش نہیں بلکہ علم، خیر اور بھلائی کی اشاعت کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ اصل ضرورت سوشل میڈیا سے کنارہ کشی نہیں، بلکہ اس کے ذمّہ دارانہ، متوازن اور با مقصد استعمال کی ہے۔ جب شعور، تقویٰ، حیا، اعتدال اور اسلامی اخلاقی اصول انسان کی رہنمائی کریں تو یہی ذرائع امت کی فکری، اخلاقی اور سماجی تعمیر میں مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ایک مسلمان بیٹی کی اصل پہچان اس کے لائکس اور فالوورز کی تعداد نہیں، بلکہ اس کے کردار، علم، حیا اور اس خیر میں ہے جو اس کے ذریعے دوسروں تک پہنچتی ہے۔

نوجوان نسل کی اصلاح محض تنقید، ملامت یا پابندیوں سے ممکن نہیں ہوتی، بلکہ اس کے لیے محبت، حکمت، اعتماد اور مؤثر تربیت کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر ہم چاہتے ہیں کہ ہماری بیٹیاں سوشل میڈیا اور جدید ذرائع ابلاغ کا ذمّہ دارانہ استعمال کریں تو انہیں صرف "کیا نہ کریں" یہ بتانا کافی نہیں، بلکہ "کیا کریں" اور "کیوں کریں" کا شعور بھی دینا ہوگا۔ مقصد، فکر اور مثبت متبادل سے محروم نوجوان آسانی سے وقتی رجحانات اور سطحی مقبولیت کے اثر میں آ جاتے ہیں۔ والدین کی اوّلین ذمّہ داری یہ ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں کے ساتھ اعتماد، محبت اور مکالمے پر مبنی مضبوط رشتہ قائم کریں، تاکہ وہ اپنی الجھنوں، سوالات اور مسائل کو بلا خوف و جھجک اپنے والدین کے سامنے رکھ سکیں۔

انہیں عزّتِ نفس، حیا، وقار اور اسلامی اخلاق کی حقیقی اہمیت سے روشناس کرائیں، ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے مثبت، با مقصد اور ذمّہ دارانہ استعمال کی تربیت دیں، اور ان کی صلاحیتوں کو علم، مطالعہ، تحقیق، ہنر، تخلیقی سرگرمیوں اور سماجی خدمت کی طرف پروان چڑھائیں۔ جب نوجوانوں کو تعمیری مصروفیات میسر آتی ہیں تو وہ بے مقصد مشغولیات سے خود بخود دور ہونے لگتے ہیں۔ اسی طرح معاشرے، تعلیمی اداروں، دینی مراکز، ذرائع ابلاغ اور سماجی قیادت کی بھی مشترکہ ذمّہ داری ہے کہ وہ ایسا ماحول تشکیل دیں جہاں نوجوانوں کو ان کے کردار، علم، صلاحیت، خدمتِ خلق اور اخلاقی عظمت کی بنیاد پر عزّت دی جائے، نہ کہ محض ظاہری نمائش، عارضی شہرت یا سوشل میڈیا کی مقبولیت کی بنیاد پر۔ جب معاشرے کے معیار بدلیں گے تو نوجوانوں کی ترجیحات بھی بدلیں گی، اور ایک ایسی نسل پروان چڑھے گی جو حیا، وقار، علم اور کردار کو اپنی اصل کامیابی سمجھے گی۔

مسلمان بیٹی کی حقیقی خوبصورتی اور اصل پہچان اس کی ظاہری نمائش، وقتی مقبولیت یا لوگوں کی توجہ حاصل کرنے میں نہیں، بلکہ اس کے ایمان، علم، حیا، اخلاق، وقار اور بلند کردار میں ہے۔ ظاہری حسن وقت کے ساتھ بدل جاتا ہے، جبکہ اچھا کردار وہ دولت ہے جو انسان کو دیرپا عزّت، اعتماد اور احترام عطا کرتی ہے۔ دنیا کی وقتی داد، چند لمحوں کی شہرت اور عارضی مقبولیت کبھی بھی ایک باوقار اور پاکیزہ زندگی کا نعم البدل نہیں ہو سکتی۔ حقیقی عظمت اس بات میں ہے کہ انسان اپنی صلاحیتوں کو خیر، علم، خدمت اور مثبت اثرات کے لیے استعمال کرے، تاکہ اس کی پہچان محض ایک تصویر یا نمائش کے طور پر نہیں بلکہ ایک باکردار اور بااثر شخصیت کے طور پر ہو۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہماری بیٹیاں سوشل میڈیا کی دنیا میں صرف دیکھے جانے والی شخصیات نہ بنیں، بلکہ ایسی باعلم، باصلاحیت، باحیا اور باکردار خواتین بنیں جن کی موجودگی معاشرے میں عزّت، امید اور بھلائی کا پیغام عام کرے۔ وہ اپنی صلاحیتوں کو اپنی ذات کی نمائش کے بجائے علم کے فروغ، اصلاحِ معاشرہ اور انسانیت کی خدمت کا ذریعہ بنائیں۔ حقیقی کامیابی یہ نہیں کہ لوگ ہمیں کتنی دیر تک دیکھتے ہیں، بلکہ اصل کامیابی یہ ہے کہ لوگ ہمارے کردار، اخلاق اور عمل سے کتنی دیر تک متاثر رہتے ہیں۔ کیونکہ شہرت وقت کے ساتھ ختم ہو سکتی ہے، لیکن اچھا کردار انسان کے بعد بھی اس کی پہچان باقی رکھتا ہے۔

✏ Masood M. Khan (Mumbai)
☐masood.media4040@gmail.com

## کشمیر میں آرٹیکل 370 کی برسی

# کشمیر میں احتجاج، مین اسٹریم پارٹیوں کے رہنماؤں کو دفاتر سے باہر نکلنے کی اجازت نہیں ملی

### ہم نہ تو بھولے ہیں اور نہ ہی ہم نے اسے تسلیم کیا ہے: عمر عبداللہ

### محبوبہ مفتی کا منسوخی کے خلاف سرینگر میں رات گئے احتجاج

### حکومتِ نے یکطرفہ طور پر جموں و کشمیر کی آئینی اور سیاسی حیثیت کو تبدیل: میرواعظ






سرینگر(ایجنسی)جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کی منسوخی کی ساتویں برسی کے موقع پر بدھ کے روز بی جے پی کو چھوڑ کر وادی کشمیر کی اہم سیاسی جماعتوں نے آئین کے آرٹیکل 370 کے تحت احتجاجی مظاہرے کیے نیشنل کانفرنس (این سی)، پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی)، کانگریس اور اپنی پارٹی نے سرینگر میں اپنے اپنے ہیڈ کوارٹرس پر مظاہرے کیے، جن میں پارٹی کے کئی رہنماؤں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ این سی نے سرینگر میں پارٹی کے مرکزی دفتر میں احتجاجی مظاہرہ کیا جس میں پارٹی کے سینئر رہنماؤں، قانون سازوں اور کارکنوں نے شرکت کی۔ جموں و کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ اور پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) کی صدر محبوبہ مفتی نے منگل کی رات سرینگر میں آرٹیکل 370 کی منسوخی کی ساتویں برسی کے موقعے پر احتجاج کیا۔ محبوبہ مفتی کی قیادت میں پی ڈی پی کے درجنوں کارکنوں نے سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹرز پر یہ احتجاج کیا۔ محبوبہ مفتی نے پارٹی کارکنان کے ساتھ مل کر دفتر کے باہر شمعیں روشن کیں اور دھرنا دیا۔ اس موقعے پر محبوبہ مفتی نے کہا کہ ”حکومتِ ہند کو جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مذاکرات کرنے چاہئیں اور ان کے حقوق اور وہ آئینی حیثیت بحال کرنی چاہیے جو پانچ اگست سال 2019 کو ان سے چھین لی گئی تھی۔

جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس (این سی) کے نائب صدر عمر عبداللہ نے بدھ کے روز 5 اگست 2019 کو جموں و کشمیر میں کی گئی تبدیلیوں کو واپس لینے کے اپنی پارٹی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ سات سال گزرنے کے بعد بھی وہ آرٹیکل 370 کی منسوخی کے بعد پیدا ہونے والے حالات کو نہ تو بھولے ہیں اور نہ ہی ان کے ساتھ سمجھوتہ کیا ہے۔ مرکز کے 5 اگست کے فیصلوں کی ساتویں برسی کے موقع پر عمر عبداللہ نے کہا کہ ان کی پارٹی جموں و کشمیر سے چھینے گئے حقوق کو بحال کرنے اور اس کی شناخت کی حفاظت کے لیے پرعزم ہے۔ عمر عبداللہ نے ایکس پر لکھا،” 7 سال ہو گئے، ہم نہ تو بھولے ہیں اور نہ ہی ہم نے موجودہ حالات سے سمجھوتہ کیا ہے اور نہ ہی انہیں قبول کیا ہے۔ میں اور میری پارٹی ان تمام اقدامات کو واپس لینے کے لیے پرعزم ہیں جو جموں و کشمیر کے ساتھ کیے گئے، جنہوں نے ہمارے حقوق چھین لیے اور ہماری شناخت کو خطرے میں ڈال دیا۔ رابرٹ فراسٹ کی مشہور نظم اسٹاپنگ بائی ووڈس آن اے اسنوئی ایوننگ کے اشعار کا حوالہ دیتے ہوئے عمر عبداللہ نے مزید کہا: ”جنگل خوبصورت، تاریک اور گہرے ہیں۔ لیکن مجھے اپنے وعدے پورے کرنے ہیں۔ اور سونے سے پہلے مجھے ابھی میلوں دور جانا ہے.........پیپلز کانفرنس کے چیئرمین اور ایم ایل اے سجاد لون نے 5 اگست 2019 کو جموں و کشمیر کے لوگوں کے خلاف ایک” بے مثال شب خون“ قرار دیا۔ انہوں نے ایکس پر لکھا،” 5 اگست 2019 جموں و کشمیر کے لوگوں کے خلاف ایک بے مثال شب خون تھا۔ جموں و کشمیر کے لوگ آنے والے تمام اوقات میں اسے نفرت اور حقارت کی نظر سے دیکھیں گے۔“

انہوں نے مزید کہا،”جموں و کشمیر کے لوگوں کو بے اختیار کرنے کا دن۔ جب سب کچھ چھین لیا گیا۔ آرٹیکل 370، آرٹیکل 35 اے۔ اور زخموں پر نمک چھڑکنے کے لیے، جموں و کشمیر کو گھٹا کر ایک یوٹی بنا دیا گیا۔ مجھے امید ہے کہ ایک دن ایسا آئے گا جب ہندستان کے لوگ یہ سمجھیں گے کہ یہ وہ وعدے تھے جو الحاق کے وقت جموں و کشمیر کے لوگوں سے کیے گئے تھے اور آہستہ آہستہ تمام وعدوں سے انحراف کیا گیا۔ اور جموں و کشمیر کے لوگوں کے پاس سہارا لینے کے لیے جو کچھ تھوڑا بہت بچا تھا، اسے 5 اگست 2019 کو بے دردی سے چھین لیا گیا۔ سجاد لون نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ جموں و کشمیر کے لوگوں کو خیرات کے طور پر نہیں بلکہ حق کے طور پر دوبارہ بااختیار بنایا جائے گا۔ حریت چیئرمین اور کشمیر کے میرواعظ عمر فاروق نے 5 اگست کو اس دن کی ایک دردناک یاد دہانی“ قرار دیا جب ان کے مطابق حکومتِ ہند نے یکطرفہ طور پر جموں و کشمیر کی آئینی اور سیاسی حیثیت کو تبدیل کر دیا۔

میرواعظ نے کہا کہ یہ فیصلہ حکومتِ ہند نے اس خطے کے لوگوں سے کیے گئے ”اپنے ہی آئینی وعدوں سے مکر کر“ جموں و کشمیر پر تھوپا تھا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اس قدم نے یکطرفہ طور پر جموں و کشمیر کے ”ڈھانچے اور حیثیت“ کو تبدیل کر دیا، جس نے تنازع کے حل کے منتظر لوگوں کو مزید بے اختیار کر دیا۔ میرواعظ نے ایک بیان میں کہا،”جموں و کشمیر کے لوگوں کی شناخت، کردار اور حقوق پر اس ہمہ جہت حملے نے ہمارے سیاسی جسم پر ایک اور گہرا زخم چھوڑا ہے۔ اس کے باوجود، اس سرزمین کے لوگوں کی اس کی حفاظت کرنے اور اپنے حقوق کے لیے کھڑے ہونے کی ہمت اور استقامت ہمیشہ مثال رہی ہے۔ انہوں نے کہا،”ہم صرف یہ امید کر سکتے ہیں کہ ایک دن ایسا آئے گا جب حکومتِ ہند انسانیت اور جمہوریت کے جذبے کا احترام کرے گی اور جموں و کشمیر کے لوگوں کے ساتھ انصاف، خلوص اور احترام کے ساتھ بات چیت کرے گی۔ سی پی آئی (ایم) کے رہنما اور ایم ایل اے محمد یوسف تاریگامی نے 5 اگست 2019 کے فیصلوں کو جموں و کشمیر اور یونین آف انڈیا کے درمیان تعلقات پر ”منظم حملہ“ قرار دیا، اور الزام لگایا کہ سیاسی سرگرمیوں اور جمہوری اظہار پر کریک ڈاؤن سات سال بعد بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا،” بی جے پی کو جموں و کشمیر میں 2024 کے عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنا باقی ہے۔ ریاست کا درجہ بحال کرنے کے بار بار وعدوں کے باوجود وہ اسے پورا کرنے میں ناکام رہی ہے۔ اس کی بجائے وہ اختلافِ رائے کی جگہ کو کم کرنے اور پریس کی آزادی کو دبانے کے لیے طاقت کے استعمال پر انحصار جاری رکھے ہوئے ہے۔ یاد رہے کہ نریندر مودی کی قیادت والی بی جے پی حکومت نے 5 اگست 2019 کو آرٹیکل 370 کے تحت جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو منسوخ کر دیا تھا۔

## ابھیشیک بنرجی کو کلکتہ ہائی کورٹ سے جھٹکا

# بیرونِ ملک علاج کی اجازت کی درخواست مسترد



کولکاتا: کلکتہ ہائی کورٹ نے ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے رکن پارلیمنٹ ابھیشیک بنرجی کو بڑا جھٹکا دیتے ہوئے آنکھوں کے علاج کے لیے بیرونِ ملک جانے کی اجازت سے متعلق ان کی درخواست مسترد کر دی۔ عدالت نے یہ فیصلہ اس وقت سنایا جب بنرجی نے عدالت کی ہدایت کے مطابق سرکاری میڈیکل بورڈ کے سامنے پیش ہونے سے انکار کر دیا۔ بدھ کو جسٹس سوگت بھٹاچاریہ کی عدالت میں اس معاملے کی سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے ابتدائی طور پر تجویز دی کہ ابھیشیک بنرجی کی آنکھوں کی حالت کا معائنہ سرکاری ایس ایس کے ایم اسپتال کے میڈیکل بورڈ سے کرایا جائے تا کہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا ان کا مناسب علاج ہندوستان میں ممکن ہے یا انہیں بیرونِ ملک جانے کی واقعی ضرورت ہے۔ عدالت نے میڈیکل بورڈ کو ہدایت دی کہ وہ 7 اگست تک اپنی رپورٹ پیش کرے۔ عدالت نے واضح کیا کہ رپورٹ کا جائزہ لینے کے بعد ہی یہ فیصلہ کیا جائے گا کہ بنرجی کو علاج کے لیے بیرونِ ملک جانے کی اجازت دی جائے یا نہیں۔ عدالت نے یہ بھی کہا کہ علاج کے لیے بیرونِ ملک سفر کی درخواست پر غور کرتے وقت اس حقیقت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کہ ابھیشیک بنرجی کے خلاف متعدد فوجداری مقدمات زیرِ سماعت ہیں اور ان کی تحقیقات جاری ہیں۔ اس لیے تمام قانونی اور طبی پہلوؤں کو مدِنظر رکھنا ضروری ہے۔

سماعت کے دوران ابھیشیک بنرجی نے میڈیکل بورڈ کے سامنے پیش ہونے پر آمادگی ظاہر نہیں کی۔ اس کے بعد عدالت نے ان کی درخواست خارج کرتے ہوئے اپنے حکم میں کہا کہ درخواست گزار کے وکیل کی جانب سے یہ واضح کیے جانے کے بعد کہ وہ عدالت کی ہدایت کے مطابق میڈیکل بورڈ کے سامنے پیش نہیں ہوں گے، اس معاملے کو مزید زیرِ التوا رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں رہ جاتی، لہٰذا موجودہ عرضی مسترد کی جاتی ہے۔ خیال رہے کہ ابھیشیک بنرجی کے خلاف درج 16 ایف آئی آر اور تمام مقدمات میں یکساں قانونی تحفظ (بلینکٹ پروٹیکشن) کی درخواست پر مشتمل مرکزی مقدمے کی آئندہ سماعت 7 اگست کو ہوگی۔ یہ تمام مقدمات مغربی بنگال اسمبلی انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی کامیابی اور ریاست میں حکومت قائم ہونے کے بعد درج کیے گئے تھے۔ انہی مقدمات کے تناظر میں ابھیشیک بنرجی نے عدالت سے بیرونِ ملک جا کر علاج کرانے کی اجازت طلب کی تھی۔ ان کے خلاف درج مقدمات میں انتخابی مہم کے دوران اشتعال انگیز بیانات دینے جیسے الزامات بھی شامل ہیں۔

# پارلیمنٹ میں کیے گئے وزیر داخلہ کے وعدے کا کیا ہوا؟

### ریاستی درجہ کی بحالی میں تاخیر پر منوج جھا کا مرکز سے سوال



نئی دہلی۔(ایجنسی): جموں کشمیر کو آئین کی دفعہ 370 کے تحت حاصل خصوصی حیثیت کے خاتمے اور اسے دو یونین ٹیریٹریز میں منقسم کیے جانے کے آج یعنی 5 اگست کو سات سال مکمل ہوئے۔ جہاں یوٹی میں غیر بی جے پی سیاسی جماعتوں نے احتجاجی مظاہرے کرتے ہوئے 5 اگست 2019 کے فیصلوں کی مذمت کی گئی وہیں جموں کشمیر سمیت ملک کے بعض علاقوں میں بھی جموں کشمیر کے سیاسی درجے کی بحالی کی مانگ کی گئی۔ کانگریس کی سینئر رہنما پرینکا گاندھی سمیت راشٹریہ جنتا دل (آر جے ڈی) کے ممبر پارلیمنٹ منوج کمار جھا نے بھی جموں کشمیر کا اسٹیٹ ہڈ بحال کیے جانے کی مانگ کرتے ہوئے کہا” پارلیمنٹ فلور پر مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کا وعدہ کیا تھا، اُس تاہم آج سات سال بعد بھی اسے بحال نہیں کیا جا رہا۔ اُس وعدے کا کیا ہوا؟ منوج جھا نے مرکزی سرکار کی مذمت کرتے ہوئے خدشہ ظاہر کیا کہ اگر جموں کشمیر کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا گیا تو وہ (یعنی مرکزی حکومت) کسی بھی ریاست کے ساتھ من مرضی سلوک کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ پانچ اگست 2019 کو بھارتیہ جنتا پارٹی کی زیر قیادت مرکزی سرکار نے جموں کشمیر ری آرگنائزیشن ایکٹ 2019 متعارف کر کے دفعہ 370 اور 35 اے کو ختم کر کے جموں کشمیر اور لداخ کو دو الگ الگ یونین ٹیریٹریز میں منقسم کیا گیا۔

# معروف اداکار پردیپ سنگھ راوت چل بسے، آخری رسومات ممبئی میں ادا



ممبئی، (یو این آئی) معروف اداکار پردیپ سنگھ راوت، جو 2005 میں عامر خان کی فلم گجنی میں مخالف گجنی کے کردار کے لیے مشہور ہیں، انکا 74 سال کی عمر میں انتقال ہو گیا، آخری رسومات آج دوپہر ممبئی میں ادا کی گئیں۔ خاندانی ذرائع نے یہ اطلاع دی۔ آخری رسومات میں ان کے اہل خانہ رشتہ داروں کے علاوہ فلمی دنیا کے کئی افراد بھی موجود تھے۔ راوت، جو خون کے کینسر میں مبتلا تھے انکا کوکیلا بین دھیرو بھائی امبانی ہسپتال میں علاج چل رہا تھا جہاں انہوں نے کل رات آخری سانس لی۔ ہندی، تیلگو اور تمل سنیما میں ایک جانا پہچانا چہرہ، راوت کا کیریئر تین دہائیوں سے زیادہ پر محیط تھا اور انہیں ولن اور دیگر کرداروں کے لیے پہچانا جاتا تھا۔ انہوں نے گجنی میں بے رحم مخالف کی تصویر کشی کے ساتھ قومی شہرت حاصل کی۔ اس کی مسلط اسکرین پر موجودگی، گہری آواز اور طاقتور ڈائیلاگ ڈیلیوری نے اس کردار کو معاصر ہندوستانی سنیما کے یادگار ولن میں سے ایک بنا دیا۔ راوت اس سے قبل کئی مشہور فلموں میں نظر آ چکے ہیں، جن میں آشوتوش گواریکر کی لگان (2001) اور جان میتھیو متھن کی سرفروش (1999) شامل ہیں، جن میں ان کی پرفارمنس کی تعریف ہوئی۔

وہ ٹیلی ویژن پر بی آر میں اشوتھاما کی تصویر کشی کے لیے بھی مقبول تھے۔ چوپڑا کی مشہور افسانوی سیریز مہابھارت میں بھی انہوں نے اپنی افاکاری کے جلوئے دکھلائے۔ اتراکھنڈ میں پیدا ہوئے، راوت نے فلم انڈسٹری میں آنے سے پہلے تھیٹر میں اپنے اداکاری کی شروعات کی۔ اس کے تھیٹر کے وسیع تجربے نے اس کی مخصوص ڈائیلاگ ڈیلیوری اور کمانڈنگ اسکرین کی موجودگی کو تشکیل دینے میں مدد کی۔ کئی سالوں کے دوران، راوت نے مختلف ہندوستانی فلمی صنعتوں میں کئی سرکردہ اداکاروں اور فلم سازوں کے ساتھ کام کیا، اپنے آپ کو ایک قابل اعتماد کردار اداکار کے طور پر قائم کیا جو منفی اور معاون دونوں کرداروں میں شدت اور کشش لانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ان کی موت کی خبر کے بعد، فلمی برادری کے اراکین نے تجربہ کار اداکار کو خراج تحسین پیش کیا، انہیں ان کے فن کے بارے میں ان کے نظم وضبط اور اسکرین سے دوران کی گرم شخصیت کے لیے یاد کیا۔ راوت کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ اور ایک لڑکا ہے راوت کی موت ایک تجربہ کار اداکار کے نقصان کی نشاندہی کرتی ہے جس کی طاقتور آواز اور مخالفوں اور کرداروں کی یادگار تصویر کشی نے ہندوستانی سنیما پر ایک الگ نشان چھوڑا۔

# ایف سی آر اے بل کی موجودہ شکل قابلِ قبول نہیں: کانگریس

### اگر حکومت اپوزیشن کی آواز کو نظر انداز کرتی ہے تو یہ جمہوری عمل کے لیے تشویش ناک ہے: کے سی وینو گوپال



نئی دہلی۔(ایجنسی) کانگریس نے فارن کنٹریبیوشن ریگولیشن ایکٹ (ایف سی آر اے) بل کی موجودہ شکل کو جابرانہ قرار دیتے ہوئے اس کی سخت مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ پارٹی اور پوری اپوزیشن اسے موجودہ شکل میں قبول نہیں کرے گی اور سب مل کر اس کی بھرپور مخالفت کریں گے کانگریس کے جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال نے بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس اور پوری اپوزیشن ایف سی آر اے بل کو موجودہ شکل میں قبول نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ آر ایس ایس سے وابستہ تنظیموں کے لیے الگ نظام اور دیگر غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے لیے الگ قوانین رکھنے کی سوچ قابلِ قبول نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی اس جابرانہ بل کو پاس نہیں ہونے دے گی۔ مسٹر وینو گوپال نے کہا،”لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی نے ایف سی آر اے بل کے سلسلے میں اپنی شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ پارٹی اور پوری اپوزیشن کا موقف بالکل واضح ہے کہ ایف سی آر اے بل کو اس کی موجودہ شکل میں قبول نہیں کیا جائے گا۔ آر ایس ایس سب کچھ کر سکتا ہے، جبکہ دیگر غیر سرکاری تنظیموں کے لیے الگ قوانین ہوں، ایسی سوچ قابلِ قبول نہیں ہے۔ ہم اس جابرانہ بل کی بھرپور مخالفت کریں گے اور اسے کسی بھی قیمت پر پاس نہیں ہونے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پہلے سے ہی رام مندر چندہ تنازع پر بحث کا مطالبہ کر رہی ہے کیونکہ پورا ملک اس مسئلے کو لے کر فکر مند ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر داخلہ امت شاہ کو طالب علموں پر مبینہ مظالم اور فائرنگ کے مسئلے پر ایوان میں آ کر بیان دینا چاہیے۔ پارلیمنٹ بحث اور گفتگو کی جگہ ہے، لیکن حکومت بحث سے بچتے ہوئے بلوں کو جلد بازی میں پاس کرانا چاہتی ہے۔

پارلیمنٹ میں دونوں ایوانوں کی کارروائی ہنگامے کی نذر ہو رہی ہے۔ آج ایک بار پھر لوک سبھا اور راجیہ سبھا دونوں کی کارروائی مختلف اوقات کے لیے ملتوی کر دی گئی۔ پارلیمنٹ کارروائی نہ ہونے کے لیے اپوزیشن پارٹیاں حکمراں طبقہ کو ذمہ دار ٹھہرا رہی ہیں۔ اس معاملہ میں کانگریس جنرل سکریٹری اور رکن پارلیمنٹ کے سی وینو گوپال نے کہا کہ مرکزی حکومت ملک کی عوام اور اپوزیشن کی آواز سننے کے لیے تیار نہیں ہے، اسی لیے پارلیمنٹ کو بھی مؤثر طریقے سے چلنے نہیں دیا جا رہا۔ پارلیمنٹ احاطہ میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے انہوں نے سوال کیا کہ آخر مرکزی وزیر داخلہ پارلیمنٹ میں آ کر جواب کیوں نہیں دے رہے ہیں؟ وینو گوپال نے کہا کہ اپوزیشن پارلیمنٹ میں عوام سے متعلق کئی اہم مسائل اٹھا رہی ہے، جن میں طلبا پر ہونے والی بربریت، ای-20 کا مسئلہ، جموں و کشمیر میں ریاستی درجہ بحال کرنے کا معاملہ اور رام مندر عطیات کا معاملہ شامل ہے۔ ان کے مطابق ان تمام مسائل پر پارلیمنٹ میں بحث ہونی چاہیے، لیکن حکومت پارلیمنٹ کی کارروائی چلنے دینے کے لیے تیار نہیں ہے۔ انہوں نے رام مندر میں چندہ چوری کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن پہلے ہی واضح کر چکی ہے کہ وہ اس معاملے پر باقاعدہ بحث چاہتی ہے، کیونکہ پورا ملک اس معاملے کو لے کر تشویش میں مبتلا ہے۔ ایسے معاملے پر پارلیمنٹ میں مناسب اور تفصیلی بحث ہونی چاہیے تاکہ حقائق سامنے آ سکیں۔ وینو گوپال نے طلبا کے خلاف کارروائی کا معاملہ خاص طور سے اٹھایا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے وزیر داخلہ سے مسلسل بیان دینے کا مطالبہ کیا جا رہا ہے، کیونکہ طلبا کے خلاف روزانہ فائرنگ اور مظالم کے معاملے میں جواب دہی ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کو اس معاملے پر پارلیمنٹ میں اپنا موقف واضح کرنا چاہیے۔ کانگریس لیڈر کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ بحث اور گفتگو کے لیے ہوتی ہے، لیکن حکومت کسی بھی طرح کی بحث یا تبادلۂ خیال نہیں چاہتی۔

# ای-20 ڈیپ فیک معاملہ: ہائی کورٹ نے تمام پوسٹ کو فوراً ہٹانے کا دیا حکم

ممبئی (ایجنسی) بامبے ہائی کورٹ نے مرکزی وزیر برائے ٹرانسپورٹ و شاہراہ نتن گڈکری کے خلاف آن لائن ڈیپ فیک پوسٹ کو فحش، جارحانہ اور توہین آمیز قرار دیتے ہوئے انہیں ہٹانے کا حکم دیا ہے۔ ساتھ ہی عدالت نے گڈکری کو میٹا پلیٹ فارمز، ایکس کارپ، گوگل اور نامعلوم آن لائن کنٹینٹ کریئٹرز کے خلاف بدنام کرنے والے اور ایڈٹ شدہ سوشل میڈیا پوسٹ کے متعلق سول مقدمہ کرنے کی اجازت دی ہے۔ جسٹس عارف ڈاکٹر کی سنگل بنچ نے میٹا، ایکس کارپ اور گوگل ایل ایل سی کو ہدایت دی کہ وہ فوراً ان پوسٹس کو ہٹانے کا کام کریں۔ عدالت نے کہا کہ ایسی پوسٹ آن لائن نہیں ہونی چاہیے اور جہاں ہر کوئی خاص کر نوجوان نسل انہیں دیکھ سکے۔ عدالت نے آن لائن پلیٹ فارمز سے یہ بھی سوال کیا کہ کیا ان کے پاس کوئی سسٹم ہے، جس سے بغیر عدالت گئے ایسی پوسٹس کو ہٹایا جا سکے۔ ہائی کورٹ نے یہ بھی کہا کہ پلیٹ فارمز کو ایسی پوسٹ خود ہٹا دینا چاہیے۔ جسٹس عارف نے کہا کہ” آپ کے پاس اتنی ٹیکنالوجی ہے، تو کیا آپ کے پاس کوئی ایسا سسٹم نہیں ہے جو ایسے معاملات کو پکڑ سکے؟ اگر کوئی فحش یا توہین آمیز مواد ڈالتا ہے تو اسے فوراً ہٹا دیا جانا چاہیے۔

# ای-20 پیٹرول سے عام صارفین پر بڑھا مالی بوجھ، اتھینول پیدا کرنے والوں کو فائدہ: کانگریس

نئی دہلی، (یو این آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ مودی حکومت نے اتھینول آمیزش کو فروغ دینے کے نام پر عام شہریوں پر مالی بوجھ بڑھا کر ان کا متبادل چھین لیا ہے، جبکہ اس اسکیم کا سب سے زیادہ فائدہ اتھینول پیدا کرنے والوں کو ملا ہے۔ کانگریس شعبۂ مواصلات کے انچارج جے رام رمیش نے بدھ کے روز یہاں ایک بیان میں کہا کہ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے دعویٰ کیا تھا کہ اتھینول آمیزش کے ذریعے ڈیزل 50 روپے فی لیٹر اور پیٹرول کا متبادل 55 روپے فی لیٹر تک دستیاب کرایا جا سکے گا، لیکن قیمتوں میں ایسی کوئی کمی دیکھنے کو نہیں ملی۔ اس کے برعکس ایک آزاد تجزیے کے مطابق اپریل 2023 سے مارچ 2026 کے درمیان اتھینول ملاوٹ والے ایندھن سے کم مائلیج کی بھرپائی کے لیے صارفین نے مجموعی طور پر تقریباً 88,234 کروڑ روپے اضافی خرچ کیے۔ کانگریس کا کہنا ہے کہ اگر ای-20 سے مائلیج میں کمی آتی ہے تو حکومت کو اس کی بھرپائی کے لیے خردہ قیمت کم کرنی چاہیے تھی۔ پارٹی نے دعویٰ کیا کہ نیتی آیوگ کے اتھینول روڈ میپ میں بھی ای-10 اور ای-20 ایندھن پر صارفین کو مالیاتی اور ٹیکس مراعات دینے کی سفارش کی گئی تھی، لیکن حکومت نے اس کے بجائے اتھینول پیدا کرنے والوں کو 4,000 کروڑ روپے سے زیادہ کی سبسڈیز منظور کر دیں۔

# مہاراشٹر حکومت کا بڑا فیصلہ، 'نان ڈیری پنیر' پر عائد کی مکمل پابندی

ممبئی (ایجنسی) مہاراشٹر حکومت نے عوامی صحت کو ترجیح دیتے ہوئے ریاست میں 'اینالاگ' پنیر یعنی نان ڈیری پنیر کی تیاری، فروخت، ذخیرہ اندوزی، نقل و حمل اور تقسیم پر مکمل طور سے پابندی عائد کر دی ہے۔ اس فیصلے کے ساتھ مہاراشٹر، چھتیس گڑھ کے بعد ملک کی دوسری ریاست بن گئی ہے جس نے ایسا قدم اٹھایا ہے۔ حکومت کے مطابق پابندی کی خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف فوڈ سیفٹی ایکٹ کے تحت سخت کارروائی کی جائے گی۔ 30 جولائی کو فوڈ سیفٹی کمشنر تکارام منڈھے کی جانب سے جاری حکم کے مطابق 'اینالاگ' پنیر یعنی نان ڈیری پنیر کی تیاری، پروسیسنگ، پیکیجنگ، ذخیرہ اندوزی، نقل و حمل، تھوک اور خوردہ فروخت کے ساتھ ساتھ فروخت کے لیے پیش کرنے پر بھی فوری اثر سے پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس طرح کے پنیر سے منسلک مکمل سپلائی چین اب پابندی کے زد میں رہے گی۔ حکومت نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ اگر کوئی شخص یا ادارہ ان اصول و ضوابط کی خلاف ورزی کرتا ہے تو جرم کی سنگینی کی بنیاد پر 6 ماہ تک کی جیل اور ایک لاکھ روپے تک کا جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر نان ڈیری پنیر کے استعمال سے کسی شخص کی موت ہوتی ہے تو عمر قید اور کم از کم 10 لاکھ روپے کے جرمانے کا التزام ہے۔

# مہاراشٹر حکومت نے سدھی ونائک مندر نذرانہ گھپلہ معاملے میں کی کارروائی، 5 برسوں میں ملی رقم اور زیورات کا ہوگا آڈٹ



ممبئی (ایجنسی) ممبئی کے مشہور سدھی ونائک مندر میں نذرانہ گھپلہ معاملے میں مہاراشٹر کی سیاست گرما گئی ہے۔ حال ہی میں مہاراشٹر نونرمان سینا (ایم این ایس) کے سربراہ راج ٹھاکرے نے مندر میں 18 کروڑ روپے نذرانہ چوری کا دعویٰ کیا تھا، جس کے بعد مختلف قسم کے سوالات کھڑے ہو رہے ہیں۔ اس دوران معاملے کی حساسیت کو دیکھتے ہوئے حکومت نے اہم فیصلہ لیا ہے۔ مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے سدھی ونائک مندر کے گزشتہ 5 برسوں کے دوران 'دان پیٹی' میں ڈالے گئے نذرانے اور زیورات کا آڈٹ کرانے کا حکم جاری کیا ہے۔ اس فیصلہ کے بعد مندر انتظامیہ میں افراتفری کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔ مانا جا رہا ہے کہ حکومت کی اس کارروائی سے گھپلے میں ملوث افسران اور ملازمین کے خلاف کارروائی ہو سکتی ہے۔

دراصل ایم این ایس کے سربراہ راج ٹھاکرے نے کچھ دنوں قبل سدھی ونائک مندر میں گھپلے کا الزام لگایا تھا۔ راج ٹھاکرے نے کہا تھا کہ ”مندر کی دان پیٹی میں ہر سال تقریباً 18 کروڑ روپے کا غبن اور چوری ہو رہی ہے۔“ راج ٹھاکرے نے نائب وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کو ایک خط لکھنے کا بھی دعویٰ کیا تھا۔ راج ٹھاکرے نے خط میں دعویٰ کیا تھا کہ مندر کے ملازمین چوری میں شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ ان ملازمین کے پکڑے جانے کے بعد نذرانے کی اوسط رقم میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ ان کے خط کے مطابق ہر سال تقریباً 18 کروڑ کی چوری ہو رہی ہے۔ اس کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہیے۔ دوسری جانب 'سدھی ونائک مندر ٹرسٹ' نے راج ٹھاکرے کے ان الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔ ٹرسٹ کے صدر سدا سرونکر اور ٹرسٹی راہل لونڈھے کے مطابق مئی میں ٹرسٹ نے خود ہی قانون اور محکمہ انصاف کو خط لکھ کر گزشتہ 5 برسوں کے نذرانے کی تفصیلی آڈٹ کرانے کا مطالبہ کیا تھا۔

ٹرسٹ کا کہنا ہے کہ بے ضابطگیوں سے متعلق پتہ چلنے پر اس نے سب سے پہلے 'اینٹی کرپشن بیورو' (اے سی بی) کے سربراہ وشواس ناگرے پاٹل سے شکایت کی، جس کے بعد مندر میں پولیس اہلکاروں کی تعیناتی کی گئی۔ مارچ میں دان پیٹی سے پیسے غائب ہونے کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ سی سی ٹی وی فوٹیج کی جانچ میں کچھ ملازمین چھوٹی دان پیٹی سے نقد نکالتے پکڑے گئے تھے۔ سدا سرونکر نے کہا کہ ”مندر میں کروڑوں روپے کے غبن کا معاملہ سابقہ کمیٹی کے دور میں سامنے آیا تھا، لیکن بتایا اس طریقے سے گیا کہ موجودہ کمیٹی پر ہی انگشت نمائی کی جا رہی ہے۔“ انہوں نے وضاحت کی کہ کچھ ملازمین کے ذریعہ نذرانے کی چوری کا معاملہ 'اے سی بی' کی مدد سے پکڑا گیا تھا۔ اس کے بعد ٹرسٹ نے محکمہ قانون اور عدلیہ کو خط لکھ کر غیر جانبدارانہ جانچ کا مطالبہ کیا تھا۔ یہ محکمہ وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس کے پاس ہی ہے۔

## تمل ناڈو کی وجے حکومت کی بڑی پیش رفت

# خواتین کو ملے گا سونے کا سکہ، حج سبسڈی میں بھی اضافے کی تجویز



چنئی، (ایجنسی) تمل ناڈو کی جوزف وجے حکومت نے بجٹ 2026-27 میں کئی اہم اعلانات کیے ہیں، جس میں خواتین کو سونے کا سکہ دینے کا اعلان بھی شامل ہے۔ دوسری جانب حکومت نے حج سبسڈی میں بھی اضافے کا اعلان کر دیا ہے۔ 'برادران گفٹ اسکیم' کے تحت خواتین کے لیے 8 گرام سونے کا سکہ اور سلک ساڑی اسکیم کے لیے 812 کروڑ روپے کی تجویز رکھی گئی ہے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ وجے نے اسمبلی انتخاب کے منشور میں شادی کے موقع پر خواتین کو تحفہ دینے کا وعدہ کیا تھا، اور اب بجٹ میں اس وعدے کو وفا کرنے کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ تمل ناڈو کے وزیر خزانہ ڈاکٹر این میری ولسن نے بدھ کے روز اسمبلی میں 'ٹی وی کے' حکومت کا بجٹ پیش کیا۔ ولسن نے وزیر اعلیٰ سی جوزف وجے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ٹینڈر میں کچھ پارٹیوں اور لوگوں کو ملنے والا کمیشن بند کرایا ہے۔ ڈاکٹر ولسن نے کہا کہ ریاست کو مالی بحران سے نکالنے کے لیے، بہت سے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

این میری ولسن نے حج سبسڈی معاملہ پر پیش کردہ تجویز سے متعلق جانکاری دیتے ہوئے کہا کہ ”پہلی بار حج پر جانے والے لوگوں کے لیے سبسڈی 25 ہزار روپے سے بڑھا کر 35 ہزار روپے کی جائے گی۔ عیسائی اور مسلم خواتین کی فلاحی انجمنوں کی مدد کے لیے 1.05 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ 5 عیسائی اور مسلم قبرستانوں کی ترقی کے لیے 34 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔“ انہوں قومی اہلیت و داخلہ ٹیسٹ (نیٹ) کو ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ ولسن نے مرکزی حکومت سے 12 ویں جماعت کے نمبرات کی بنیاد پر داخلے کا پرانا نظام بحال کرنے کی اپیل کی ہے۔ ڈاکٹر ولسن نے کہا کہ ”اولمپک میں گولڈ میڈل جیتنے اور تمل ناڈو کو بین الاقوامی کھیلوں میں اعلیٰ سطح پر لے جانے کے مقصد سے ریاست بھر میں ' 10 اولمپک سنٹرس آف ایکسیلنس ' بنانے کے لیے 5.50 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔ اے آئی پر زور دیتے ہوئے تمل ناڈو کے وزیر خزانہ ولسن نے کہا کہ ” 2031 تک پوری ریاست کے انجینئرنگ کالجوں، پالی ٹیکنک کالجوں اور صنعتی تربیتی ادارے (آئی ٹی آئی) میں زیر تعلیم 5 لاکھ طلباء کو مصنوعی ذہانت' (اے آئی) پر مبنی ہنر کی تربیت دی جائے گی۔

وزیر خزانہ میری ولسن نے آمدنی بڑھانے اور فلاحی منصوبوں کو وسعت دینے پر خصوصی توجہ دیتے ہوئے بدھ کو 2026-27 کے لیے تملگا ویٹری کژگم حکومت کا پہلا بجٹ پیش کیا۔ حکومت نے اسکولی تعلیم کے محکمے کے لیے 44,527 کروڑ روپے مختص کیے ہیں، جو اس شعبے کو مضبوط بنانے پر اس کی مسلسل توجہ کو ظاہر کرتا ہے۔ اس میں سے 2,000 کروڑ روپے کالج طلبہ کی مدد کے لیے ” ویٹری لیپ ٹاپ اسکیم “ کے لیے مختص کیے گئے ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں 10,000 سرکاری اسکولوں میں صفائی ستھرائی اور بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کے لیے ” انتہائی صاف ستھرا، شاندار کیمپس “ منصوبے کے تحت 129 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں۔

